بانیانِ انجمن

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را



جناب حاجی سید جلال الدین بخیہ مرحوم



جناب نواب سید محسن مرزا صاحب موسوی مرحوم

جناب شیخ نیاز احمد لاہور (سابق صدر)

ثبت است بر جریدہ عالم دوام ما



حضرت مولانا علامہ حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ

سابق صدر



خطیب آل محمد مولانا سید اظہر حسن زیدی (سابق نائب صدر)



جناب سید بشیر حسین بخاری مرحوم (سابق جنرل سیکرٹری)

ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد




جناب سید عباس حسین گردیزی ملتان
(سابق صدر)



جناب ڈاکٹر سید اکمل حسین رضوی لاہور
(سابق جنرل سیکرٹری)



جسٹس سید جمیل حسین رضوی مرحوم



جناب ڈاکٹر سید اجمل حسین راولپنڈی (سابق صدر)



جناب شیخ نیاز احمد لاہور (سابق صدر)

خادمانِ ملت



جناب سید ضیاء حیدر رضوی ایڈووکیٹ
(فنانس سیکرٹری)



جناب سید محمد تقی ایڈووکیٹ لاہور
(رکن اعلیٰ [illegible] مقامی ذمہ [illegible])



جناب مولانا سید ابرار حسین شیرازی
(جنرل سیکرٹری)



جناب ڈاکٹر سید [illegible] حسن [illegible] سیکرٹری نشر و اشاعت



جناب پروفیسر شیخ رضا حسین کراچی سیکرٹری شعبہ [illegible]

ارکانِ علم و عمل





(صدر)
جناب سید سبطین صادق نقوی
کراچی

(نائب صدر)
جناب سید نجم الحسن بخاری
فیصل آباد



جناب علامہ پروفیسر سید ... شاہ صاحب
(علاقائی سیکرٹری کراچی)





جناب حاجی سید حسین شاہ کوئٹہ (نائب صدر)

جناب حاجی حسین مرزا صاحب سید آباد (نائب صدر)

بے لوث علاقائی سیکرٹری صاحبان



جناب خلیفہ حسن مہدی لاہور



جناب سید افتخار حسین جعفری کوئٹہ



جناب سید ضیاء الحسن نقوی راولپنڈی



جناب عترت حسین قریشی پشاور



جناب سید باقر رضا حیدرآباد



جناب مولانا ابن حسن جارچوی سکھر

ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین



جناب ڈاکٹر سید ظہیر [illegible]
(سابق جنرل سیکرٹری)



جناب مرزا ذیشان بیگ ـ لاہور



جناب سید ہادی علی شاہ ـ لاہور



جناب محمد شفیق خان (مقامی سیکرٹری شرقی کراچی)



سید مقصود رضا کاظمی سفیر انجمن ـ لاہور



جناب مسعود الحسن زیدی (ممبر کارکن کمیٹی لاہور)

انتھک معاونین کرام



جناب سید سعید عالم زیدی لاہور (ممبر کارکن کمیٹی)



جناب سید محمد زیدی ساہیوال (ممبر کارکن کمیٹی)

بیاد اجلاس گولڈن جوبلی انجمن منعقدہ لیاقت باغ راولپنڈی اکتوبر ۶۳ء



مولانا سید محمد فضل شاہ۔ پروفیسر خواجہ محمد لطیف انصاری۔ مولانا سید اظہر حسن زیدی۔ علامہ حافظ کفایت حسین
علامہ سید محمد دہلوی۔ مولانا مرزا صفدر حسین مشہدی مولانا شیخ جواد حسین آفت ہنگی۔ مولانا نجم الحسن کراروی
مولانا مرزا یوسف حسین لکھنوی

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

تم نیکی کو پا ہی نہیں سکتے جب تک اپنی محبوب شے کو اس کی راہ میں صرف نہ کرو اور جو کچھ بھی تم ذرا سا اس کی راہ میں صرف کرتے ہو اللہ اس کو جاننے والا ہے۔ (سورہ آل عمران)

رجسٹرڈ ایل نمبر ۶۶۷۳

انجمن وظیفہ سادات و مومنین (پاکستان) رجسٹرڈ کا ماہوار نقیب

ماہنامہ انجمن وظیفہ

لاہور
پاکستان

جلد نمبر ۲۷
شمارہ نمبر ۲
فروری ۱۹۹۳ء
بمطابق
شعبان ۱۴۱۳ھ

سالانہ رپورٹ اور روئداد اجلاس سالانہ

مجلس انتظامیہ

انجمن وظیفہ سادات و مومنین پاکستان رجسٹرڈ

منعقدہ کاشانہ جعفریہ عارف روڈ کوئٹہ

۵-۶ نومبر ۱۹۹۲ء

مدیران اعزازی
و- ڈاکٹر اکمل حسین رضوی
و- ڈاکٹر حسن عسکری رضوی

تاریخ اشاعت
ہر ماہ کی پندرہ تاریخ

بدل اشتراک
سالانہ -/۲۰ روپے

مقام اشاعت
۱۱- فین روڈ
لاہور

مرتبہ
سید ابرار حسین شیرازی
آنریری جنرل سیکرٹری

مشیران قانونی
سید محمد نقی ایڈووکیٹ
سید محمد سبطین بخاری ایڈووکیٹ
۱۷- لیک روڈ- چوک پرانی انار کلی لاہور
فون ۲۲۳۴۹۳

ملاقاتی دفتر شعبہ الٰہی وظائف مسجد نور ایمان
ناظم آباد نمبر ۳ کراچی فون ۶۱۳۴۲۹

پبلشر سید اکمل حسین رضوی۔ پرنٹر ظفر الحسن۔ ظفر پرنٹرز لوئر روڈ لاہور۔ مقام اشاعت ۱۱- فین روڈ- لاہور

فہرست

انجمن کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔

ہمارا سلام ہو ان ملازمین انجمن پر جنھوں نے مشنری جذبہ سے کام لے کر انجمن کے لئے گراں قدر خدمات انجام دیں۔

ہمارا سلام ہو ان گنت ممبران انجمن پر جن کی اعانت کی وجہ سے انجمن شاہراہ ترقی پر گامزن ہے۔

ہمارا سلام ہو ان قائم کنندگان فنڈز پر جن کی امداد کی وجہ سے جہالت کے خلاف جہاد میں انجمن سرگرم عمل ہے۔

ہمارا سلام ہو ان گنت گمنام حضرات پر جنھوں نے کسی نہ کسی حیثیت سے انجمن کے لئے خدمات جلیلہ انجام دیں۔

میرا سلام ہو ان تمام بزرگوں دوستوں، ماؤں، بہنوں اور بھائیوں پر جو آج بھی انجمن کی ترقی و استحکام اور فلاح و بہبود کے لئے کسی نہ کسی حیثیت سے خدمات جلیلہ انجام دے رہے ہیں۔

خداوند تعالیٰ بحق چہاردہ معصومین علیہم السلام ہماری حقیر مساعی کو قبول فرمائے اور انجمن ہمیشہ دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی کرتی رہے تاکہ قوم کا کوئی طالب علم صرف مالی وسائل نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہ رہ جائے یہ عظیم مقصد حاصل کرنے کے لئے ہمیں قوم کے ہر فرد کے بھرپور تعاون کی ہر وقت ضرورت ہے اور رہے گی جس طرح ہماری قوم نے آج تک ہماری سرپرستی فرمائی ہے ہمیں توقع ہے کہ وہ آئندہ بھی ہمیں مایوس نہیں کرے گی

منزل بہ منزل ترقی

انجمن کی برسوں کی روایت کے مطابق روداد سالانہ اجلاس اور اس کی رپورٹ الگ الگ شائع ہوا کرتی تھیں لیکن اب کی بار اس روایت کے برعکس یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ دو الگ الگ شمارے شائع کرنے کی بجائے ان دونوں کو یکجا کر کے شائع کیا جائے۔ چنانچہ زیر نظر شمارے میں روئیداد اور سالانہ رپورٹ برائے سال ۹۲-۱۹۹۱ء دونوں اکٹھی شائع کی جا رہی ہیں تاکہ قارئین کرام پورے سال کی کارکردگی کا یکجا جائزہ لے سکیں ہمیں توقع ہے کہ یہ تبدیلی پسندیدگی کی نظر سے دیکھی جائے گی۔

اس شمارے میں سالانہ اجلاس کی مکمل روئیداد موصولہ تجاویز اور ان کے بارے میں کارکن کمیٹی کے فیصلے، گوشوارہ وظائف جدید / تجدید بابت سال ۹۳-۱۹۹۲ء، فہرست وظیفہ خواران جدید / تجدید ۹۳-۱۹۹۲ء، انتخاب عہدہ داران، فہرست ممبران کارکن کمیٹی، رپورٹ جنرل سیکرٹری، رپورٹ سیکرٹری وصولی وظائف، تخمینہ بجٹ و آمدنی، تخمینہ بجٹ اخراجات، رفتار توسیع رکنیت، مقامی دفاتر کی کارکردگی، فنڈ یادگار فنڈز کی تفصیل، فہرست بانیان انجمن، سرپرست، محسن، مربی، دوامی اور واقف ممبران، آڈٹ رپورٹ، اثاثہ جات اور جائیداد وغیرہ کی تفصیل شائع کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے علاوہ ازیں قیام پاکستان سے اب تک صدر، نائب صدر، جنرل سیکرٹری، سیکرٹری مالیات، سیکرٹری نشر و اشاعت، ناظم اعلیٰ علاقائی، مقامی دفاتر چارٹ کا نقشہ بھی پہلی بار شائع کئے جا رہے ہیں تاکہ آپ کو یہ معلوم ہو سکے کہ کن کن امین اور مقدس ہاتھوں سے ہوتے ہوئے یہ انجمن ہم تک پہنچی ہے اس کے ساتھ ساتھ اس وقت سے لے کر اب تک کس کس درجہ تعلیم کے طلباء طالبات کو کتنی رقم کے وظائف دیئے گئے ہیں ان کا مجموعی تذکرہ بھی شامل ہے جس سے آپ کو انجمن کی منزل بہ منزل ترقی کا اندازہ بخوبی ہو سکے گا۔ میں بے حد ممنون ہوں جناب سید مجتبیٰ صادق صاحب نقوی (صدر انجمن) کا کہ انہوں نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ یہ تفصیل مرتب فرما کر ہمیں عطا فرمائی ہے۔

ہمارا سلام ہو ان تمام مومنین و مومنات پر جنھوں نے انجمن کی ۵۰ سالہ سنہری تاریخ میں درمے قدمے سخنے مدد کی۔

ہمارا سلام ہو ان تمام عہدہ داران و اراکین پر جنھوں نے انجمن کی ترقی و استحکام کے لئے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔

ہمارا سلام ہو ان معاونین انجمن پر جنھوں نے بحیثیت مقامی و علاقائی سیکرٹری و سفیر انجمن پیسہ پیسہ جمع کر کے

روئیداد اجلاس سالانہ

انجمن وظیفہ سادات و مومنین پاکستان (رجسٹرڈ) کی مجلس انتظامیہ کا سالانہ اجلاس ۵ — ۶ / نومبر ۱۹۹۲ء بروز جمعرات، جمعہ علاقائی سیکرٹری کوئٹہ جناب سید افتخار حسین صاحب جعفری کے دولتکدہ کاشانہ جعفریہ، عارف روڈ کوئٹہ بلوچستان منعقد ہوا جس میں حسب ذیل اراکین نے شرکت فرمائی۔

جناب سید سبطین صادق نقوی صدر کراچی
جناب مولانا سید ابرار حسین شیرازی جنرل سیکرٹری لاہور
جناب ڈاکٹر پروفیسر شیخ انصار حسین صاحب سیکرٹری شعبہ واپسی وظائف۔ کراچی
جناب شیخ نیاز احمد منصبی ممبر۔ لاہور
جناب سید مسعود الحسن زیدی ممبر۔ لاہور
جناب سید باقر رضا حیدر آباد
جناب سید سعید عالم زیدی ممبر۔ لاہور

جناب سید نجم الحسن بخاری نائب صدر فیصل آباد
جناب سید محمد نقی ایڈوکیٹ نگران اعلیٰ علاقائی و مقامی مفاد
جناب سید ضیا حیدر رضوی فنانس سیکرٹری لاہور
جناب شیخ عباس حسین گردیزی منصبی ممبر۔ ملتان
جناب ضیاء الحسن نقوی منصبی ممبر۔ راولپنڈی
جناب چوہدری اعجاز حسین ممبر۔ کوئٹہ
جناب پروفیسر مولانا سید زین العابدین عابدی ممبر کراچی

جناب سید غلام السیدین ممبر لاہور، جناب ڈاکٹر پروفیسر سید حسن عسکری رضوی سیکرٹری نشر و اشاعت اور جناب سید محمد سبطین ممبر کراچی۔ بوجوہ شرکت نہ فرما سکے جس کی انہوں نے باقاعدہ اطلاع دی۔ جناب ڈاکٹر پروفیسر مولانا سید نظیر الحسنین زیدی منصبی ممبر کی جانب سے عدم شرکت پر ان کے فرزند ارجمند نے زبانی اجلاس کو مطلع فرمایا۔

ایجنڈے کی کاروائی

جناب مولانا ذوالفقار علی صاحب جعفری راولپنڈی نے تلاوت کلام پاک کا شرف حاصل کیا۔

فاتحہ خوانی برائے ایصال ثواب

انجمن سے متعلق افراد اوران علماء واکابرین ملت کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی جو اس دار فانی سے رحلت فرما گئے ہیں بشمول بانیان انجمن جملہ اقسام کے ممبران، جملہ کارکنان، مقامی سیکرٹری صاحبان معطیان، قائم کنندگان فنڈ، وظیفہ داران انجمن، محصلین وسفیران انجمن اور دیگر مومنین بالخصوص جناب خانصاحب سید نیاز احمد صاحب سابق جنرل سیکرٹری کراچی، جناب سید غوث علی شاہ شاہ بخاری جیکب آباد۔

توثیق روئداد جلسہ سال گذشتہ

۲۵ - ۲۶ / اکتوبر ۱۹۹۱ء کو لاہور میں منعقد ہونے والے مجلس انتظامیہ کے اجلاس کی روئداد کی توثیق کی گئی جو کہ ماہنامہ انجمن وظیفہ بابت ماہ جنوری ۱۹۹۲ء میں شائع ہو چکی ہے۔

سالانہ رپورٹ جنرل سیکرٹری

جناب مولانا سید ابرار حسین شیرازی جنرل سیکرٹری کی تحریر کردہ رپورٹ ان کی علالت کی وجہ سے جناب الحاج سید محمد نقی ایڈووکیٹ نگران اعلیٰ علاقائی ومقامی سفارتر نے پڑھ کر سنائی جو کہ رکن کمیٹی کے فیصلہ کے مطابق سالانہ رپورٹ کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے۔

رپورٹ آڈیٹران بابت سال سنہ ۹۲-۱۹۹۱ء

انجمن کی آڈٹ شدہ رپورٹ برائے سال سنہ ۹۲-۱۹۹۱ء معزز اراکین کمیٹی کو ایجنڈے کے ہمراہ روانہ کردی گئی تھی ۔ جسے ماہنامہ انجمن وظیفہ میں شائع کیا جا رہا ہے ۔

انجمن کے حسابات کا بلا معاوضہ تفصیلی آڈٹ کرنے پر کارکن کمیٹی نے میسرز شیخ اینڈ چوہدری چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لاہور کا صدق دل سے شکریہ ادا کیا اور جنرل سیکرٹری صاحب کو ہدایت کی گئی کہ وہ میسرز شیخ اینڈ چوہدری کا تحریری طور پر بھی شکریہ ادا کریں ۔

تقرر آڈیٹران برائے حسابات بابت سال سنہ ۹۳-۱۹۹۲ء

سنہ ۹۳-۱۹۹۲ء کے حسابات کے آڈٹ کے لئے میسرز شیخ اینڈ چوہدری چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لاہور کا نام منظور کیا گیا ۔

جانچ پڑتال و تصدیق سرمایہ انجمن زیر دفعہ ۳۷ دستور العمل

دستور العمل کی دفعہ ۳۷ کے تحت انجمن کے سرمایہ کی جانچ پڑتال جناب شیخ نیاز احمد صاحب جناب سید مسعود الحسن صاحب زیدی نے فرمائی اور سرمایہ کو درست پایا ۔

سرمایہ انجمن	۸۸،۴۳،۴۸۵
آغا حسن عابدی سائنس اینڈ ٹیکنالوجی / بی سی سی آئی فنڈ	۱۳،۷۳،۶۵۲
مرزا ذیشان بیگ فنڈ	۷،۲۰،۹۱۸
میزان	۱۰۹۳۸۰۵۵

منظوری بجٹ سال سنہ ۹۳-۱۹۹۲ء

مجوزہ بجٹ معمولی ترامیم کے بعد منظور کیا گیا ۔

انتخاب عہدہ داران برائے سال سنہ ۹۳-۱۹۹۲ء

زیر دفعہ ۲۷ دستور العمل سنہ ۹۳-۱۹۹۲ء کے لئے حسب ذیل عہدہ داران منتخب ہوئے ۔

صدر : جناب سید سبطین صادق نقوی ڈی ۳۶ - این بلاک ناظم آباد - کراچی

نائب صدر : جناب سید نجم الحسن بخاری ایڈوکیٹ چنیوٹ بازار فیصل آباد

〃 : جناب حاجی سید حسین شاہ سابق سینیٹر - کوئٹہ

〃 : جناب مرزا عابد حسین صاحب رئیس ٹنڈو رحمو ٹو - حیدر آباد

جنرل سیکرٹری : جناب الحاج مولانا سید ابرار حسین شیرازی ۱۷ - لیک روڈ - لاہور

نگران اعلیٰ علاقائی دفاتر : جناب الحاج سید محمد تقی ایڈوکیٹ ۶ - جسٹس جمیل حسین رضوی روڈ - لاہور

فنانس سیکرٹری : جناب سید ضیا حیدر رضوی ۱۱ - جسٹس کیانی روڈ - لاہور

سیکرٹری نشر و اشاعت : جناب پروفیسر ڈاکٹر سید حسن عسکری رضوی ۱۱ جسٹس کیانی روڈ - لاہور

سیکرٹری شعبہ وصولی وظائف : جناب پروفیسر شیخ افضار حسین مسجد نور ایمان ناظم آباد ۳ کراچی۔

جناب الحاج مولانا سید ابرار حسین شیرازی کی علالت کے دوران جناب الحاج سید محمد تقی ایڈوکیٹ ان کی جگہ کام کرتے رہیں گے۔

سرمایہ کاری

سال رواں میں درج ذیل رقوم کی سرمایہ کاری کی گئی اس کی توثیق کی گئی۔

۱۶٫۸۰٫۰۰۰ روپے /-

تمام سرمایہ کاری فیڈرل انوسمنٹ بانڈز این ڈی ایف سی اور بنکس وغیرہ سے لین دین حسب سابق جناب الحاج مولانا سید ابرار حسین شیرازی کے دستخطوں اور جناب سید محمد تقی بحیثیت اسسٹنٹ سیکرٹری یا سید ضیا حیدر رضوی فنانس سیکرٹری میں سے کسی ایک کے دستخط سے مشترکہ طور پر ہوا کرے گا۔

منظوری تعلیم وظائف برائے ۱۹۹۲-۹۳ء

۱۔ درخواستوں کے ریکارڈ اضافہ کے پیش نظر ۱۹۹۰-۹۱ء کی شرح کے مطابق وظائف کا اجرا منظور ہوا۔

۲۔ مجلس انتظامیہ سے وظائف کی درخواستوں کی جانچ پڑتال اور وظائف کی منظوری کا اختیار حاصل ہونے پر جناب سید نجم الحسن بخاری صاحب، جناب ڈاکٹر شیخ افضار حسین صاحب، جناب الحاج پروفیسر

سید زین العابدین صاحب عابدی، جناب سید باقر رضا صاحب، جناب سید مسعود الحسنین صاحب زیدی نے یہ کام انجام دیا۔

۳۔ جو درخواستیں مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہوئی ہیں انہیں نامنظور کر دیا گیا۔

انجمن کے فنڈ سے:

۱۔ کل تعداد طلبا برائے تجدید وظائف سال 92/93	=	۱۳۵۴	رقم منظور شدہ =	۴۴ر۵۹ر۰۴۰
۲۔ 〃 〃 〃 برائے جدید 〃 〃 〃	=	۷۷۲	〃 〃 =	۴۰ر۸۴۰
میزان	=	۲۱۲۶	میزان کل رقم =	۹۹ر۸۸۰

خمس وغیرہ کی رقوم سے (جن کی واپسی ضروری نہیں)

۱۔ کل تعداد طلبا برائے تجدید وظائف سال 92/93	=	۷۸۳	رقم منظور شدہ =	۳۱ر۶۰۰
۲۔ 〃 〃 〃 〃 جدید 〃 〃	=	۶۲۴	〃 〃 =	۰۳ر۲۰۰
میزان	=	۱۴۰۷	میزان رقم =	۹ر۳۴ر۸۰۰
کل میزان	=	۳۵۳۳		5,39,680

مرزا ذیشان بیگ فنڈ

سنہ ۱۹۹۱-۹۲ء کے منافع سے حسب قواعد وظائف دیئے جائیں گے۔

آغا حسن عابدی سائنس اینڈ ٹیکنالوجی / بی سی سی آئی فنڈ

سنہ ۱۹۹۱-۹۲ء کے مطابق منافع کی رقم ۴۸۴۱۲ روپے ہے جملہ درخواستوں کی پڑتال کیلئے حسب ذیل اراکین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی گئی۔

(۱) پروفیسر شیخ الطاف حسین صاحب (۲) جناب سید باقر رضا صاحب

(۳) پروفیسر سید زین العابدین صاحب عابدی

تلخیص تجاویز جنرل سیکریٹری

۱۔ انجمن کے ۸۰ سال مکمل ہونے پر ہر سال رواں میں عشرے کا اہتمام کیا جائے۔

فیصلہ: تجویز منظور ہے جنرل سیکرٹری صاحب اس پر عمل کرنے کی سعی کریں۔ صاحب صدر اور جنرل سیکرٹری باہم مشورہ سے بجٹ منظور کریں۔

۲- درخواستوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ طریق کار طے کیا جائے۔

فیصلہ: چالیس لاکھ روپے کا بجٹ وظائف کے لئے منظور کیا گیا اس کے لئے ان حضرات پر ایک کمیٹی بنائی گئی۔ جناب نجم الحسن بخاری، پروفیسر زین العابدین عابدی، جناب ڈاکٹر شیخ انصار حسین۔ جناب مسعود زیدی، باقر رضا صاحب۔ تجدید کی درخواستیں جلسہ تک جو آئیں۔ منظور کر لی گئیں۔

۳- سال رواں میں علاقائی اجلاس منعقد کرنے کا اہتمام کیا جائے۔

فیصلہ: تجویز ۱ میں شامل ہے۔

۴- عیدالفطر کے موقع پر عید کارڈز جاری کرنے کے فیصلے کی توثیق کی جائے اور آئندہ کیلئے پالیسی مرتب کی جائے۔

فیصلہ: سعید عالم زیدی ۲۰۰۰ کارڈ، پروفیسر زین العابدین ۱۰۰۰ کارڈ۔ مزید انجمن اپنے فنڈ سے اور چھپائی کے چارجز سید افتخار جعفری صاحب ادا کریں گے۔ فیصلے کی توثیق کی جاتی ہے۔

۵- ماہنامہ کی موجودہ پالیسی۔

فیصلہ: جنرل سیکرٹری صاحب کی تجویز منظور ہے۔

۶- مرزا ذیشان بیگ فنڈ سے متعلق تجاویز پر فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: دستور العمل کے صفحہ ۳ میں طے کر دیا گیا ہے جو مرزا صاحب نے خود منظور کیا ہوا ہے۔

۷- مرزا ذیشان بیگ غیر مسلم فنڈ کے بارے میں فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: غیر مسلم فنڈ۔ یہ تجویز دستور العمل کے مطابق نہیں ہے اس لئے منظور نہیں کی جا سکتی۔

۸- ملازمین کی تنخواہوں میں دس فیصد سفری الاؤنس مقرر کیا گیا ہے۔ توثیق کی جائے۔

فیصلہ: ۲۰ فیصد سفری الاؤنس مقرر کیا گیا ہے منظوری دی جاتی ہے۔

۹- کیلنڈر کی فروخت پر ایک روپیہ فی کیلنڈر کمیشن دینے کے فیصلے کی توثیق کی جائے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۱۰- سالانہ اجلاس کے موقع پر انجمن کے مرحوم متعلقین کے ایصال ثواب کیلئے ہر سال مجلس عزا کے انعقاد کا فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: منظور ہے حتی الامکان عمل کیا جائے۔

۱۱۔ مرکزی دفتر کے استعمال کے لئے بائیسکل کی منظوری دی جائے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۱۲۔ سالانہ رپورٹ میں ۵۰/- روپے کے بجائے ۱۰۰/- روپے سے زائد عطیہ دہندگان کے نام دیئے جائیں۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۱۳۔ بعض علاقائی سیکرٹری/مقامی سیکرٹری صاحبان نے زائد اخراجات کئے ہیں انکی منظوری دی جائے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۱۴۔ زکوٰۃ، فطرات اور صدقات کے مصرف کا فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: سیکرٹری جنرل صاحب کی تجویز منظور ہے۔

۱۵۔ دفتر میں سالانہ چھٹیوں کے بارے میں فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: گزٹڈ ہالیڈے کے مطابق چھٹیاں کی جائیں خاص تقریبات پر آفشل رخصت دی جاسکتی ہے۔

۱۶۔ شعبہ نشرواشاعت کے کلرک کی سبکدوشی کے بعد دفعہ ۲، (الف) کے تحت گریجوٹی کی منظوری دی جائے۔

فیصلہ: درخواست واپس لینے کے باوجود مبلغ ۵۰۰۰/- روپے کی ادائیگی اعتراف خدمت کے طور پر کردی جائے۔

۱۷۔ ملازمین کے سفر خرچ کے سلسلہ میں دفعہ ۲۶، ۲۶ الف میں ضروری ترمیم کی گئی ہے۔

فیصلہ: دستور العمل کی ترمیم میں زیر غور لایا جائے۔

۱۸۔ مقامی سیکرٹری ضلع شرقی کراچی کے لئے فرنیچر کی منظوری دی گئی جس کی مالیت ۳۰۰/- روپے ہے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۱۹۔ ایجنڈے کے ہمراہ وظیفہ داران کی فہرستوں کے بجائے صرف گوشوارہ بھیجا جائے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۲۰۔ انجمن کے مجوزہ سکریٹریٹ کے بارے میں فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: تجویز من وعن منظور ہے۔

۲۱۔ کمیشن محصلین کے سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ ایک ہزار کمیشن کے اضافے سے متعلق فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: ۱۰۰۰ روپے تک ایک ہزار پر اضافی پانچ ہزار روپے پر ۱۰۰ روپیہ مزید کمیشن منظور کیا جاتا ہے۔

۲۲- فارم وظیفہ جدید برائے طلباء اوّل تا ششم، دینی تعلیم مرتب کیا گیا ہے اسکے بارے میں فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: وظائف کی مجوزہ کمیٹی فیصلہ کرے گی۔

۲۳- فارم وظیفہ جدید پر نظر ثانی کی ضرورت پر جناب سید باقر رضا نے گذشتہ سال سے تجویز پیش کر رکھی ہے۔ مناسب فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: مجوزہ کمیٹی فیصلہ کرے گی۔

۲۴- ملازمین کی درخواستوں پر فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: دستور کمیٹی کے مطابق طے کیا جائے گا۔

۲۵- بعض شرح وظائف میں اضافہ تجویز کیا ہے فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: سیکریٹری جنرل کی تجویز منظور ہے۔

۲۶- ہر سال انجمن کے ملازمین کی تنخواہوں میں ایڈہاک اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ اسی صورت میں سالانہ اضافہ ملنا چاہیئے یا نہیں۔

فیصلہ: دستورالعمل کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

۲۷- پنجاب، آزاد کشمیر، سندھ کے بعض علاقوں میں گذشتہ مہینوں میں بارش و سیلاب سے غیر معمولی بربادی ہوئی ہے۔ اگر ان علاقوں سے مقررہ معیاد کے بعد درخواستیں موصول ہوں تو انہیں منظور کرنے کی خصوصی اجازت دی جائے۔

فیصلہ: فیصلہ ہو چکا ہے کمیٹی غور کرکے فیصلہ دے گی۔

۲۸- جنرل سیکریٹری کی تحویل میں مبلغ پانچ سو روپے کی رقم عرصہ دراز سے چلی آرہی ہے چند سال پہلے تو پانچ سو روپے کی کچھ حیثیت تھی جو اب نہیں رہی اس لئے اس رقم میں اضافہ کیا جائے تاکہ انٹرنل آڈٹ میں دقت نہ ہو۔

فیصلہ: -/۲۵۰۰ روپے ہوگا۔

۲۹- ملازمین انجمن کی انتہائی عمر کے بارے میں پالیسی طے کی جائے۔

فیصلہ: دستورالعمل کے مطابق عمل کیا جائے۔

۳۰- مستقل ملازمین کے لئے پراویڈنٹ فنڈ (دستورالعمل دفعہ ۳۷) کی رقم کٹوتی کا تعین کیا جائے۔

فیصلہ: موجودہ طریق کار درست ہے۔

۳۱۔ سالانہ رپورٹ میں مقامی و علاقائی سیکرٹری صاحبان کے فوٹو اچھے کاغذ پر چھاپنے کی اجازت دی جائے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۳۲۔ ضلع شرقی کراچی کے دفتر کے بمشاہرہ پندرہ سو روپے ماہوار کلرک کی منظوری دی جائے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۳۳۔ جناب محمد وصی خان مقامی سیکرٹری کراچی شرقی کو انجمن کے نام اکاؤنٹ کھولنے کی اجازت کی توثیق کی جائے۔

فیصلہ: توثیق کی جاتی ہے۔

۳۴۔ سالانہ رپورٹ پر کسی گنتی کی ضرورت نہیں ہے اس کے متعلق فیصلہ کیا جائے۔

فیصلہ: رپورٹ پر سال لکھا جائے نمبر نہ لکھا جائے۔

۳۵۔ سالانہ رپورٹ ۸۹-۱۹۸۸ء میں دفتر میں فوٹو کاپی مشین کی موجودگی کا تذکرہ ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے اس کی تصحیح کی جائے۔ تاکہ انٹرنل آڈٹ میں اعتراض نہ ہو۔

فیصلہ: پرانی مشین عطیہ دہندہ کو واپس کر دی گئی اور اس سے مبلغ ۲۵۰۰۰/- روپے نئی مشین خریدنے کے لئے عطا کئے۔

۳۶۔ انجمن کے عہدہ داران میں اضافہ اور تقسیم کار کی جائے۔

فیصلہ: ہر صوبہ کا ایک نائب صدر اور وہی کارکن کمیٹی کا ممبر نامزد تصور ہوگا۔

۳۷۔ دستور العمل میں سہ سالہ انتخاب کے لئے ریٹرننگ آفیسر/ الیکشن کمشنر یا ناظم انتخاب کا کوئی ذکر نہیں ہے اس سقم کو دور کیا جائے۔

فیصلہ: دستور العمل میں طے کر دیا گیا ہے۔

۳۸۔ لندن میں بہت عرصہ پہلے قائم شدہ دفتر سے رابطہ قائم کیا جائے۔

فیصلہ: رابطہ قائم کیا جائے۔ ضیا وحید رضوی لندن جا کر کوشش کریں۔

۳۹۔ الیکشن ۹۳-۱۹۹۲ء کے لئے ریٹرننگ آفیسر/ الیکشن کمشنر یا ناظم انتخاب کا تقرر کیا جائے۔

فیصلہ: ڈاکٹر سید محمد جعفر نقوی بصورت مجبوری منور حسین جعفری کو الیکشن کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔

۴۰۔ الیکشن کے قواعد و ضوابط منظور کئے جائیں۔

فیصلہ: دستور العمل میں طے ہو جائیں گے۔

۴۱۔ انجمن کا نام "انجمن وظیفۂ سادات و مومنین پاکستان" ہی رہنا چاہئے جیسا کہ ۵۰-۱۹۴۹ء کے سرٹیفکیٹ میں لکھا گیا ہے۔

فیصلہ: یہ نام ہی درست ہے۔

۴۲ - اجازہ خمس وغیرہ کے سلسلہ میں حضرات مراجع عظام سے رابطہ قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

فیصلہ: منظور ہے۔

۴۳ - پروفیسر زین العابدین صاحب نے ٹائپ رائٹر کے لئے منظوری طلب کی گئی۔

فیصلہ: اجازت دے دی گئی۔

دیگر تجاویز

۵ - جناب شجاعت علی نقوی دوامی ممبر، جناب فیاض حسین صاحب نقوی دوامی ممبر، جناب صفدر حسین صاحب نقوی دوامی ممبر، جناب منور آغا عمومی ممبر، جناب احمد رضا صاحب زیدی عمومی ممبر، جناب قاسم خاں صاحب عمومی ممبر، جناب اطہر حسین صاحب زیدی عمومی ممبر، جناب تصور علی صاحب نقوی عمومی ممبر، جناب غضنفر عباس صاحب نقوی دوامی ممبر، جناب تہذیب الحسنین دوامی ممبر، جناب نواب حسن صاحب نقوی عمومی ممبر، جناب شمس الحسن صاحب نقوی دوامی ممبر، جناب محمد محسن، جناب سید یحییٰ حسن، محترمہ مبارک بانو نقوی دوامی ممبر، جناب مدبر علی نقوی عمومی ممبر، جناب فردوس عالم عمومی ممبر، جناب ابراہیم علی صاحب رضوی عمومی ممبر، جناب علی حسنین صاحب نقوی عمومی ممبر راولپنڈی۔

"انجمن کی کارکردگی انجمن کے نصب العین تک محدود رکھی جائے۔ اسے مذہبیات کے قریب لانا اور خمس و زکوٰۃ بغرض تقسیم بیوگان وغیرہ اس کے دائرہ کار میں لانا مناسب نہیں ہے۔ تعلیم اور اس کے لئے وظائف قابل واپسی کے علاوہ دوسرے عطیات کے لئے کوئی علیحدہ اسکیم بنایا جائے۔"

فیصلہ: پہلے فیصلہ ہو چکا ہے۔

جناب سید باغ علی شاہ (دوامی ممبر) سید اصغر علی شاہ (محسن انجمن) اسد رضا (عمومی ممبر) راولپنڈی

"انجمن وظیفہ سادات و مومنین گذشتہ اسی برس سے جس طریقے سے چل رہی ہے۔ اسے ایسے ہی چلتے رہنے دیا جائے۔ خمس، زکوٰۃ، فطرات وغیرہ کی رقوم وصول کر کے مستحقین میں تقسیم کرنا انجمن کے نصب العین سے باہر ہے۔ اس نیک کام کو کسی اور پلیٹ فارم سے انجام دینا چاہیئے۔ راولپنڈی شہر اور اس کے علاقہ میں انجمن کے چار سو ممبر ہیں ان سے پانچ چھ سال سے چندہ کی وصولی کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ تجویز ہے کہ اس کا جلد کوئی بندوبست کیا جائے۔"

و۔ نگران اعلیٰ سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اہلِ راولپنڈی کی شکایات کو دور فرمائیں۔

جناب سید جعفر عباس زیدی (دوامی ممبر) جناب سید اظہر حسین رضوی (عمومی ممبر) راولپنڈی

"انجمن کی کارکردگی سختی سے انجمن کے نصب العین اور دستور کی حدود میں رکھی جائے۔ ممبران انجمن (راولپنڈی) سے چندہ کی وصولی کا جلد از جلد انتظام کیا جائے۔ ہم انجمن کے موجودہ نصب العین مندرجہ دفعہ (۲) دستور العمل انجمن منظور شدہ حکومت میں کسی بھی ترمیم و اضافہ کے خلاف ہیں اور ہمارا پختہ یقین ہے کہ روایت پر سختی سے عمل پیرا رہا جائے اور وظائف صرف بطور قرض حسنہ منظور کئے جائیں۔"

و۔ پہلے فیصلہ ہو چکا ہے۔

محترمہ سیدہ ذوالفقار بانو نقوی عمومی ممبر، جناب سید وقار مہدی حسین عمومی ممبر، محترمہ سیدہ درخشندہ پروین عمومی ممبر، جناب سید عامر رضا دوامی ممبر، محترمہ نجمہ نقوی۔ راولپنڈی عباس حسین صاحب عمومی ممبر۔

"انجمن کی کارکردگی انجمن کے نصب العین کے اندر رکھی جائے۔ راولپنڈی میں چھ سات برس سے ممبران سے چندہ وصول کرنے کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ اس طرف فوری توجہ فرمائی جائے۔"

و۔ مناسب انتظام کیا جائے۔

جناب ڈاکٹر سید اجمل حسین رضوی (سرپرست) راولپنڈی

"ممبران راولپنڈی سے ماہانہ چندہ کی وصولیابی کا جلد از جلد انتظام کیا جائے کیونکہ ممبران برابر شکایت کرتے ہیں۔ میں انجمن کے موجودہ نصب العین میں کسی بھی ترمیم و تنسیخ کے سخت خلاف ہوں۔ وظائف صرف بطور قرض حسنہ منظور کئے جائیں۔"

و۔ مناسب انتظام کیا جائے۔

محترمہ مسز سعیدہ موسیٰ۔ لاہور

"نامور خواتین اور ذاکرہ خواتین سے درخواست کی جائے کہ وہ اپنے حلقۂ اثر میں خواتین سے ممبرسازی اور اعانت کی کوشش کریں اس طرح معقول رقم جمع ہو سکتی ہے۔ بہت سے خاندان ابھی تک انجمن کی کارکردگی اور خدمات سے واقف نہیں ہیں۔"

و۔ تجویز اچھی ہے اس پر عمل کیا جائے۔

جناب سید محمد محسن صاحب (محسن انجمن) ڈیفنس ۔ لاہور

"کارکن کمیٹی کے ارکان اپنے اپنے حلقۂ اثر میں بزنس کمیونٹی سے رابطہ قائم کرکے انجمن کو متعارف کرائیں اور ممبر سازی کریں۔"

و۔ تجویز اچھی ہے کمیٹی کے ارکان کام کر رہے ہیں۔

جناب محمد اصغر علی منتظری ۔ مقامی سیکرٹری ۔ لکھیا ضلع گوجرانوالہ

"مقامی سیکرٹری حضرات کو انجمن کی طرف سے شناختی کارڈ جاری کیا جائے۔ توسیع رکنیت کیلئے علماء کرام اور ذاکرین سے رابطہ قائم کیا جائے۔ انجمن کا مرکزی دفتر مستقل لاہور میں قائم کیا جائے۔ (یاد رہے شناختی کارڈ جاری کرنے کی تجویز ۲۷ر اکتوبر ۹۰ء کے سالانہ جلسہ میں منظور کر لی گئی تھی لیکن اس پر عمل درآمد نہیں ہوا)"

و۔ تمام مقامی سیکرٹریز کو اور بعض افراد کو جلد شناختی کارڈ مہیا کر دیئے جائیں گے۔

جناب مولانا سید بیر حسین جلیس ترمذی ۔ جنڈیالہ شیر خاں ضلع شیخوپورہ

"مقامی سیکرٹری صاحبان کے فوٹو معہ مختصر حالات ماہنامہ میں شائع کئے جائیں۔"

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

جناب سید علی محمد زیدی ۔ حسین آباد (راولپنڈی)

"انجمن کا صدر دفتر ایک جگہ قائم ہونا چاہیئے۔ میرے خیال میں اس کے لئے لاہور مفید رہیگا۔"

و۔ منظور ہو چکا ہے۔

جناب سید اقبال حسین شاہ ۔ کامل پور سیداں ۔ اٹک

"انجمن کا تعارف زیادہ سے زیادہ کرایا جائے۔ ماہنامہ انجمن کی اشاعت بڑھائی جائے بالخصوص سالانہ رپورٹ زیادہ چھپوائی جائے۔ انجمن کا دفتر لاہور میں مستقل قائم کرنے کا خیال قابل ستائش ہے۔ ایام عزا میں علماء کرام سے رابطہ قائم کیا جائے۔

و۔ علمائے کرام سے رابطہ قائم کیا جا رہا ہے۔

جناب سید آل حسن زیدی (مقامی سیکرٹری) ماتلی۔ ضلع بدین

"درخواست وظیفہ جدید ہر لحاظ سے مکمل ہونی چاہیئے۔ نامکمل کوائف کی وجہ سے واپسی کی صورت میں خاصی دقت ہوتی ہے۔"

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

جناب ڈاکٹر اکمل حسین رضوی (منصبی ممبر) لاہور

"۱۔ پہلے لوگ بغیر کسی خاص شرط کے فنڈ قائم کرتے تھے۔ اب کچھ عرصہ سے طرح طرح کی شرائط کے فنڈ قائم کیئے جا رہے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں رجسٹر شرائط کھولنا پڑے گا۔ مناسب ہے شرائط کا تعین کیا جائے جس کے بعد نئی شرائط کے ساتھ فنڈز قبول نہ کیئے جائیں۔

۲۔ کارکن کمیٹی کے ممبران کی عمر کی حد ۷۰ برس ہونی چاہیئے اور ۷۰ سال سے زائد عمر کے حضرات کو ریٹائر کر دینا چاہیئے۔"

و۔ آئندہ کوئی بھی فنڈ نصب العین کے مطابق وصول کئے جائیں گے۔

و۔ کارکن کمیٹی کے ممبران کا انتخاب دستور العمل کے مطابق ہوگا۔ اور ہوتا ہے۔

جناب ڈاکٹر سید علی رضا رضوی (دوامی ممبر) راولپنڈی

"انجمن کی کارکردگی انجمن کے نصب العین تک محدود رکھی جائے اسے مذہبیات سے بالکل الگ رکھیں۔"

و۔ نصب العین تک محدود ہے۔

جناب ذاکر حسین دوامی ممبر۔ کراچی

"مشن تا ہم کلاس کیلئے وظائف کی شرح موجودہ گرانی کے دور میں ناکافی ہے۔ اس میں اضافہ کیا جائے نئے ممبران کے نام رپورٹ میں شائع کر کے انہیں وہ رپورٹ فراہم کی جائے۔ سرپرست کا چندہ چودہ ہزار، محسن انجمن کا پانچ ہزار، مربیِ انجمن کا چار ہزار، دوامی ممبر کا تین ہزار، لائف ممبر کا دو ہزار مقرر کیا جائے۔"

و۔ وظائف فراہم شدہ فنڈز کے حساب سے تقسیم ہو رہے ہیں۔ نئے ممبران کا نام شائع کیا جا رہا ہے۔ باقی تجویز نامنظور۔

جناب پروفیسر سید نقی مہدی (مقامی سیکرٹری) لیہ

"انجمن اپنے تمام فنڈز میں سے دس فیصد رقم ہونہار یتیم بچوں کے لیے مخصوص کرے اور انہیں دو ہزار روپے ماہوار ادا کرے تاکہ وہ انجینئرنگ اور میڈیکل تعلیم پوری یکسوئی کے ساتھ مکمل کر سکیں۔ سال میں کم از کم ایک بار مقامی سیکرٹری صاحبان کی میٹنگ بلائی جائے۔ مقامی سیکرٹری حضرات کو زیادہ سے زیادہ نشر و اشاعت سے متعلق لٹریچر فراہم کیا جائے۔ انجمن کے تمام عہدیداران کا چناؤ تمام ممبران کے ووٹ سے ہونا چاہیئے اور الیکشن کی تاریخ مقرر کی جائے۔ نیز انجمن کی سالانہ میٹنگ میں مقامی سیکرٹریوں کو لازمی بلایا جائے۔"

و۔ انجمن اپنے وسائل کے مطابق کام کر رہی ہے۔ علاقائی میٹنگ میں مقامی سیکرٹری کو بلایا جاتا ہے۔ عمل کیا جا رہا ہے۔ آخری تجاویز پر دستور العمل کے مطابق عمل ہو رہا ہے۔ ممکن نہیں ہے انکے اخراجات انجمن نہیں اٹھا سکتی۔

جناب سید محمد سبطین بخاری ایڈووکیٹ - لاہور

"گذشتہ سالانہ اجلاس کے موقع پر دستور العمل کی ترمیم کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ میرے خیال میں مجوزہ دستور العمل میں درج ذیل شق کا اضافہ کیا جائے۔

اگر کوئی ممبر انجمن کی خلاف ورزی کرے یا کوئی ایسا فعل کرے جس سے انجمن کی ساکھ کو نقصان کا اندیشہ ہو تو اس سے جواب طلبی کے بعد اس کے خلاف تادیبی کارروائی کرنا جو ایسے شخص کو انجمن کی ممبری سے خارج کرنے کی حد تک ہو سکے گی۔ جہاں تک مجھے یاد ہے یہ معاملہ سالانہ اجلاس منعقدہ ۱۹۸۶ء میں زیر غور آیا تھا۔ لیکن اس پر عمل درآمد کرنے کی ضروری کارروائی نہیں کی گئی ہے۔"

و۔ تجویز نامنظور ہے۔

جناب سید محمد نقی ایڈووکیٹ نگران اعلیٰ - لاہور

۱۔ "دستور العمل کی دفعہ ۲۲ (ب) کے مطابق ملازمین کی انتہائی مدت ملازمت تیس ۳۰ سال اور عمر ساٹھ ۶۰ سال ہو گی۔ خاص حالات میں کارکن کمیٹی متعلقہ افسر کی سفارش پر ایک ایک سال تک توسیع کی مجاز ہو گی۔ چونکہ ملازمین عام طور پر سرکاری ملازمت سے ریٹائر شدہ ہوتے ہیں۔ اس لئے دستور العمل کی

دفعہ ۲۶ (ب) انتہائی عمر ملازمت ساٹھ سال سے بڑھا کر پینسٹھ سال کر دی جائے خاص حالات میں کارکن کمیٹی متعلقہ افسر کی سفارش پر ایک ایک سال کر کے پانچ سال تک توسیع کی مجاز ہوگی۔

۲- مقامی سیکرٹری صاحبان کو ہدایات جاری کی جائیں کہ وہ درخواست ہائے وظائف جدید زیادہ سے زیادہ ہر سال ۵ ستمبر تک مرکزی دفتر ارسال کر دیا کریں۔ اس کے بعد وصول ہونے والی درخواستیں زائد المیعاد متصور کی جائیں۔"

و۱: دستور العمل کی روشنی میں عمل کیا جائے گا۔ و۲: منظور ہے۔

جناب افتخار حسین جعفری - مقامی سیکرٹری - کوئٹہ

۱- "کیلنڈر کی قیمت بڑھا کر دس روپے فی کیلنڈر کی جائے اور محصل حضرات کو دو روپے فی کیلنڈر کمیشن دیا جائے۔ تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ کیلنڈر فروخت کر سکیں۔

۲- علاوہ ازیں درخواست ہائے تجدید وظائف کے بارے میں بھی یہ فیصلہ کیا جائے کہ جس طرح درخواست برائے وظیفہ جدید کے لئے مقامی سیکرٹری کی سفارش ضروری ہوتی ہے اسی طرح درخواست ہائے وظائف تجدید پر بھی مقامی سیکرٹری کی رپورٹ ضروری قرار دی جائے۔

۳- دو روپے ماہوار فیس ممبر عمومی بہت کم ہے نظر ثانی کی جائے۔"

و۱: کیلنڈر کی قیمت -/۶ روپے اور محصل کی کمیشن ایک روپیہ ہوگی۔

و۲: منظور ہے اور اگلے سال سے عمل درآمد ہوگا۔

و۳: فارم ممبری سے -/۲ روپے حذف کئے جائیں اور سرپرست، دوامی، لائف ممبر وغیرہ کی رقم لکھی جائیگی۔

جناب سید عباس حسین گردیزی - سابق صدر انجمن - ملتان

"غیر ضروری اور غیر منافع بخش جائیداد فروخت کر دی جائے۔"

و: ناقابل عمل ہے۔

جناب سید یوسف حسین ممبری نمبر ۲۱۴۵۰ - راولپنڈی

"انجمن کی کارکردگی انجمن کے نصب العین تک محدود رکھی جائے۔ اسے مذہبی معاملات سے علیحدہ رکھیں جیسے زکوٰۃ کا لین دین۔ انجمن کے نام کے بجائے کسی اور نام سے کیا جائے۔"

و۔ مقتضب العین کے مطابق عمل ہو رہا ہے۔

آغا ذوالفقار علی صاحب۔ اسلام آباد

"خمس، زکوٰۃ وغیرہ کی مدوں میں رقوم کی وصولیابی اور اس کی مستحقین میں تقسیم کا کام انجمن کے نام سے نہ کیا جائے بلکہ کسی اور نام سے کیا جائے۔"

و۔ مقتضب العین کے مطابق عمل ہو رہا ہے۔

جناب سید لطیف حسین کاظمی مقامی سیکرٹری۔ گوجرانوالہ

"ہر ممبر سے کم از کم دس روپیہ یا مزید جو کچھ وہ عنایت فرمائیں بلڈنگ فنڈ کے لئے لیا جائے جو جائیداد وسیلی بخش آمدن نہیں دے رہی ہیں تو ایسی زمین پر اپنی بلڈنگ تعمیر کی جائے۔ انجمن کا ریکارڈ فلم بنا کر محفوظ کیا جائے۔ تبدیلی دفتر کی صورت میں فلم کاپی منتقل کر دی جائے تاکہ اصل ریکارڈ محفوظ رہے۔"

و۔ بلڈنگ کے پلاٹ کے عطیہ کیلئے اپیل کی جا رہی ہے۔

جناب پروفیسر سید زین العابدین عابدی ممبر کارکن کمیٹی اور علاقائی سیکرٹری۔ کراچی

"دفتر ایک جگہ منتقل کرنے سے لوگوں کے اندر احساس محرومی پیدا ہوگا۔ شکوہ شکایت کا موقعہ فراہم ہوگا۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی بنیادی وجہ یہی احساس محرومی ہے اور سندھ کی صورت حال بھی اسی نہج پر جا رہی ہے۔ میری رائے ہے کہ اگر انجمن کو ختم کرنا ہی ہے تو پھر جو مرضی آئے کیجئے۔ بانیان کی منشا کے خلاف اقدام اخلاقی جرم بھی ہے۔"

و۔ اختلافی نوٹ لکھ دیا جائے۔

جناب خلیفہ سید غلام السیدین ممبر کارکن کمیٹی۔ لاہور

"دستور العمل میں تبدیلی قومی معاملہ ہے۔ انجمن قوم کا سرمایہ ہے۔ مجوزہ تبدیلی (لاہور میں صدر دفتر کا قیام) کے لئے قومی اخبارات میں تجویز بھیج کر زیادہ سے زیادہ مومنین سے مشورہ لیا جائے کم از کم عمومی ممبران سے تجاویز مانگی جائیں۔ اگر نہیں تو۔ اگر چند اراکین نے مل کر فیصلہ کر لیا تو

انجمن کا شیرازہ بکھر جائے گا۔ مرکزی قیادت چند حضرات تک محدود ہو جائے گی۔ پہلے کارکن کمیٹی کی تشکیل، طریقہ انتخاب، ممبران کی تعداد، مستقل ممبران کا تاحیات کارکن کمیٹی سے چمٹ جانا۔ صوبائی لیول پر انجمن کی حیثیت، مرکزی اور صوبائی دفاتر کا کنٹرول و تعلق وغیرہ کے معاملات طے ہوں۔ آئین انجمن بالکل نیا تیار ہو اور دفتر کی تعمیر وغیرہ کا سوچا جائے۔ صدر انجمن نے دفتر کی تبدیلی کے نقصانات لکھے ہیں۔ ان سے مجھے اتفاق ہے۔ اگر معاملہ صرف فروختگی جائیداد انجمن و تعمیر دفتر کا ہے اس پر بھی بہت غور کی ضرورت ہے حکومت سے دستور العمل منظور کرایا جائے۔ اب بھی دستور العمل کا لحاظ کئے بغیر اکثر فیصلے کرتے ہیں۔ باقی آپ حضرات بہتر جانتے ہیں۔"

و۔ فیصلہ کیا جا چکا ہے۔

جناب الحاج سید سعید عالم زیدی ممبر کارکن کمیٹی۔ لاہور

الف۔ انجمن ہذا کی توسیع و ترقی کے لئے پاکستان بھر میں ضلع وار آمدن کا ٹارگٹ مقرر کیا جائے۔

ب۔ انجمن کی عمومی ممبر شپ دو روپے کم از کم سے بڑھا کر پانچ روپے فی ممبر مقرر کی جائے۔

ج۔ انجمن کے ہر عمومی ممبر سے درخواست کی جائے کہ وہ اپنی ماہانہ فیس رکنیت کو دوگنا کر دیں۔

د۔ مجھے توقع ہے ان اقدامات سے انجمن کی آمدن میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ اس سلسلہ میں مقامی سیکرٹری صاحبان اور سفیر حضرات سے تعاون کرنے کی درخواست کی جائے۔"

و الف۔ واپس لے لی گئی　　و ج۔ درخواست ہو رہی ہے۔

و۔ د۔ حتی الامکان عمل کیا جائے۔

جناب خادم شبیر احمد خاں و اہل خانہ، جناب بشیر حسین ملک ممبری ۲۱۲۵۹، جناب سید اختر حسین نقوی ممبری نمبر ۷۱۵۲، جناب سید مظفر علی نقوی ممبری نمبر ۲۱۴۰۱، جناب سید سبط حسن رضوی دوامی ممبر، جناب حکیم سید قمر حسن نقوی ممبری نمبر ۵۶۳۷، جناب سید حسنین کاظمی ممبری نمبر ۲۷۵۹۲، جناب سید شفیق الحسن صاحب فیضی، جناب مولوی نذیر حسین عمرانی، جناب سید تفضل حسین، جناب سید عنایت حسین، جناب سید حسنین شاہ کاظمی، جناب عبدالعلی مغل، جناب سید محمد جمشید، جناب حامد حسین اور جناب اختر حسین اسلام آباد

"جو تجویز دستور العمل کمیٹی کی طرف سے ماہنامہ "انجمن وظیفہ" شمارہ ستمبر ۱۹۹۲ء کے صفحہ ۸ پر شائع

کی گئی ہے۔ وہ انجمن ہذا کے دستور العمل کی روح کے قطعاً خلاف ہے۔ ہم اس کی تائید کرنے سے قاصر ہیں۔ وظائف صرف قابل واپسی کی شرط پر تقسیم و منظور کئے جائیں۔

و۔ پہلے فیصلہ ہو چکا ہے۔

جناب دیدار علی صاحب بیدار جعفری۔ باڈہ سلاڑکانہ

"تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں رابطہ دفاتر قائم کئے جائیں۔"

و۔ حتی الامکان عمل کیا جائے۔

جناب سید سعید علی شاہ۔ احمد پور شرقیہ

"مرکزی دفاتر ہمیشہ ایک جگہ مستقل ہوتے ہیں۔ جنرل سیکرٹری کے ساتھ دفتر کو گشتی نہ بنایا جائے مرکز ایک جگہ کراچی یا لاہور ہو۔ کیونکہ زیادہ افادیت تعلیمی وظائف کو ہے۔ آپ صوبائی دفاتر بنا دیں جو مرکز کے تحت ہوں۔ چلتے پھرتے تبدیلی دفتر کے نقصانات آپ کی رپورٹ سے ظاہر ہیں۔ وظائف صرف لاہور اور کراچی کو ملتے ہیں۔ وہاں تعلیمی خرچ ہے۔ پسماندہ علاقوں کو بھی موقع دیا جائے۔ جہاں تعلیم کا فقدان ہے۔ غریب لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے بہاولپور ڈویژن کا حصہ بہت کم ہے۔ ممبر سازی برائے نام ہے۔ صرف دو طلباء نے وظائف لئے ہیں۔"

و۔ جہاں سے درخواستیں آتی ہیں وہ تقریباً منظور کر لی جاتی ہیں۔

جناب محمد اقبال خاں صاحب نیازی مقامی سیکرٹری۔ نوشہرہ (سرحد)

۱۔ جدید درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ ۳۱۔ اگست کے بجائے ۳۱ دسمبر مقرر کی جائے۔

و۔ نامنظور ہے۔

۲۔ وظیفہ کا اجرا تعلیمی ادارہ کے تعلیمی سال شروع ہونے کے دن سے کیا جائے۔

و۔ موجودہ طریقہ صحیح ہے۔

۳۔ رکنیت فارم کی طرح رسید کی پشت پر انجمن کا مختصر تعارف ہونا چاہیے۔

و۔ ناممکن ہے۔

۴۔ سالانہ اجتماع عام منعقد کیا جائے جس میں تمام علاقائی و مقامی سیکرٹری صاحبان کو مدعو کیا جائے۔

و۔ فی الحال ناقابل عمل ہے۔

۵۔ سال بھر میں سب سے زیادہ کام کرنے والے علاقائی و مقامی سیکرٹری کے حالات، فوٹو، کارگزاری کا تذکرہ ماہنامہ انجمن وظیفہ میں کیا جائے۔

و۔ کیا جا رہا ہے۔ موجودہ طریق کار درست ہے۔

۶۔ مرحوم مقامی سیکرٹری صاحبان کے ایصال ثواب کے لئے انکے نام سے یادگار فنڈ قائم کیا جائے۔

و۔ فی الحال ممکن نہیں۔

۷۔ پاکستان کو پانچ ڈویژنوں میں تقسیم کرکے (پاکستان ریلوے کی طرز پر) ہر ڈویژن کا سربراہ مقرر کیا جائے۔

و۔ موجودہ طریق کار درست ہے۔ علاقے مقرر کئے جا چکے ہیں اور ان کے مقامی سیکرٹری صاحبان کا تقرر عمل میں آ چکا ہے۔

جناب مولانا سجاد حسین نقوی مقامی سیکرٹری۔ بھائی پھیرو

"مرکزی صدر اور جنرل سیکرٹری ہر ضلعی سیکرٹری کے پاس جائیں جو اپنے ہاں کے مخیر حضرات کی میٹنگ بلائیں اور ضلعی سیکرٹری اپنے ضلع میں ایسی ہی نشستوں کا اہتمام کرے اس طرح پورے ملک میں انجمن کو پھلنے پھولنے کا موقع ملے گا۔"

و۔ حتی الامکان عمل کیا جائے گا۔

جناب سید صفدر حسین مقامی سیکرٹری۔ اسکندر آباد ضلع میانوالی

"آمدنی کے لحاظ سے غیر تسلی بخش جائیداد کو فروخت کرنے کی بجائے مرکزی دفتر کی تعمیر کیلئے فنڈز اکٹھے کئے جائیں۔ جائیداد جتنی بھی آمدنی کے لحاظ سے غیر تسلی بخش ہو اس کی قیمت بڑھے گی کم نہیں ہوگی۔"

و۔ پہلے طے ہو چکا ہے۔

جناب سید باقر رضا مقامی سیکرٹری۔ حیدر آباد

۱۔ وظائف کے اجراء میں اکثر تاخیر ہو جاتی ہے۔ سبب اس کا وظیفہ فارموں کی عدم تکمیل اور طلباء

کی جانب سے بالا بالا ترسیل۔ طریقہ یہ ہونا چاہیئے کہ طلبا کو ہدایت کی جائے کہ وہ لازماً سیکریٹری کے توسل سے فارم بھیجیں اور سیکریٹری صاحبان فارموں کی پوری جانچ پڑتال کے بعد معینہ مدت کے اندر فارم بھیجیں۔ اسی طرح وظائف کے اجراء میں آسانی، باقاعدگی اور جلدی ہو سکے گی۔

و۔ مرکزی دفتر مقامی سیکریٹری صاحبان سے اسی کی اپیل کرے۔

۲۔ باوجود متعدد ذرائع ابلاغ ارسالہ اہینڈبل وغیرہ کے پھر بھی طلبا کی بڑی تعداد وظائف اور اس کے طور طریق سے بے خبر رہتی ہے۔ لہٰذا ایسے جامع پوسٹر شائع کئے جائیں جو درخواستیں بھیجنے کے زمانے سے کچھ قبل سیکریٹری صاحبان کے ذریعہ درس گاہوں میں چسپاں کر دیئے جائیں۔

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

۳۔ بیلٹ پیپر۔ الیکشن:۔ موجودہ طریقہ کار میں رائے دہندگان کو طویل فہرست میں سے دس نام چننا ان کے لئے بکھیڑا ایک دقت طلب مرحلہ ہے۔ ہونا یہ چاہیئے کہ جملہ امیدواران کے نام بیلٹ پیپر پر درج کر دیئے جائیں۔ رائے دہندہ اپنی پسند کے ناموں کے آگے (✓) کا نشان اور باقی جگہ (x) لگا دے۔ یہ طریقہ آسان ہوگا۔"

و۔ طے ہو گیا اسی شکل میں۔

۴۔ سہم سادات و سہم امام کی رقومات حاصل کرنے کا باقاعدہ مستقل اجازہ اب تک حاصل نہیں کیا گیا لہٰذا کسی کو خاص طور پر یہ کام سپرد کیا جائے کہ وہ اجازت نامہ حاصل کرے۔ اجازہ حاصل ہونے پر اسے رسالہ میں شائع کر دیا جائے۔

و۔ اجازت نامہ ہے۔

جناب مولانا سید مصداق الحسن جارچوی سبزواری۔ علاقائی سیکریٹری، سکھر

"ہر وظیفہ دار کی ایک درخواست مع فوٹو والدین / سرپرست کی تصدیق کے ساتھ نیز معزز شہری کی ضمانت کے طور پر مقامی سیکریٹری کو دینا لازمی قرار دیا جائے۔ سفارش عمیران کی خفیہ صحیح رپورٹ بھی ضروری ہے۔ غالباً پہلے یہ شرط تھی۔ اب اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے۔ معاشرتی اخلاقی طور پر کسی فارم پر سفارش نہ کرنے کی جرأت اجازت نہیں دیتی۔"

و۔ مشکوک کیسز میں تصدیق کنندہ حضرات کو خفیہ رپورٹ بھیجنے پر سختی سے عمل کرایا جائے۔

❖

جناب زوار صاجد نور آغانی مقامی سیکرٹری خانپور ضلع شکارپور (سندھ)

۱۔ انجمن درخواست گذاروں کے وظائف منظور کئے جائیں۔ ان کے چیک مقامی سیکرٹری کی معرفت روانہ کریں تاکہ مقامی سیکرٹری ان کا اندراج اپنے پاس رکھ سکے اور واپسی وظائف قرضِ حسنہ میں مدد مل سکے۔

ج۔ عمل ہو رہا ہے۔

۲۔ جن کے وظائف منظور ہوں ان سے درخواست کی جائے کہ وہ خود یا کوئی اور کم از کم انجمن کا ایک ممبر بنا دیں اور اپنے حلقہ اثر میں مزید ممبران بنانے کے لئے کوشش کریں۔

ج۔ موجودہ طریق کار ٹھیک ہے۔

جناب ڈاکٹر پروفیسر سید نظیر الحسنین زیدی۔ منتخب ممبر۔ لاہور

۱۔ جنرل سیکرٹری کا عہدہ انتخاب پانچ سال کر دیا جائے۔ اگر انجمن کا دفتر ایک جگہ رکھنا ہے تو دفتر کراچی میں رکھا جائے۔ مرکزی دفتر کی حالت بہتر بنائی جائے اور مناسب جگہ کرائے پہ لی جائے۔ انجمن کی اپنی بلڈنگ کے لئے علیحدہ فنڈز جمع کئے جائیں۔

ج۔ دستور العمل کے مطابق عمل ہو رہا ہے اور ہوگا۔ کارکن کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ مرکزی دفتر لاہور میں رکھا جائے بلڈنگ فنڈ کے لئے مساعی شروع کرنے کا پروگرام ہے۔

جناب سید مسعود الحسنین زیدی رکن کارکن کمیٹی۔ لاہور

۱۔ انجمن کا مرکزی دفتر کراچی میں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ انجمن کی آمدن کا تقریباً ساٹھ فیصد کراچی سے حاصل ہوتا ہے۔ جنرل سیکرٹری کا عرصہ انتخاب پانچ سال کر دیا جائے۔ انجمن کے مرکزی دفتر کی صورت حال کو بہتر بنایا جائے اس سلسلہ میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو تمام معاملات کا جائزہ لے۔

ج۔ کارکن کمیٹی کے فیصلہ کے مطابق لاہور میں آفس قائم کیا جائے۔ جنرل سیکرٹری کے لئے دستور العمل کے مطابق عمل ہوگا۔ مرکزی دفتر کی صورت حال کو بہتر بنایا جائے۔

تجاویز جناب سید ضیاء الحسن نقوی صاحب۔ منتخب ممبر کارکن کمیٹی۔ راولپنڈی

۱۔ اندراج نام و اقسام شدہ فنڈ: تجویز ہے کہ ہر منظور شدہ وظیفہ کے ساتھ حسب دستور متعلقہ فنڈ کا نام


درج فہرست کیا جائے۔

و۔ عمل کیا جائے۔

۲۔ نمبر برسالانہ رپورٹ: تجویز ہے کہ سالانہ رپورٹوں پر نمبر درج کرنا ترک کیا جائے۔ بالکل غیر ضروری ہے۔

و۔ پہلے ہی منظور ہو چکی ہے۔

۳۔ استعمال بے قاعدہ رسید: مندرجہ ذیل رسید بکوں کا استعمال ترک کر کے تمام رسید بکیں دریا برد کی جائیں۔



انجمن وظیفہ سادات و مومنین پاکستان (رجسٹرڈ)

عطیات بحق انجمن انکم ٹیکس رعایت کے مستحق ہیں

رکنیت نمبر ج-1.25.3

رسید نمبر 7336

بک نمبر D 77

از محترم ... حسن محمد عبداللہ ...

مستقل رہائش پتہ ... D.6.7 ...

مبلغ ... روپے

نقد | کراس چیک | ڈرافٹ / بنک ڈرافٹ

نمبر ... مورخہ ... بنک لمیٹڈ ...

تاریخ 15/12/92

بصد شکریہ وصول پائے

جنوری تا دسمبر 1990
جنوری تا دسمبر 1991
جنوری تا دسمبر 1992

دستخط مقامی سکریٹری

دستخط جنرل سکریٹری

امانت

خمس سہم امام

خمس سہم سادات

زکوٰۃ فطرہ و صدقات سادات

زکوٰۃ فطرہ و صدقات غیر سادات

یاد رہے کہ اس رسید کو چھپوانے اور استعمال میں لانے کی کبھی کارکن کمیٹی کی منظوری نہیں لی گئی

۵۔ صدر صاحب اور ضیاء الحسن نقوی صاحب فیصلہ کریں گے۔ موجودہ رسید بکیں ختم ہو گئیں ہیں آئندہ خیال رکھا جائے گا۔

۴۔ سرمایہ محفوظ: بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ نومبر ۱۹۸۷ء دفعہ ۲۹ دستور العمل۔ انجمن کی سالانہ خالص آمدنی کا چوتھائی حصہ سرمایہ محفوظ میں منتقل کیا جاتا ہے۔ دس ہزار روپے خلاف قواعد انجمن اور فیصلہ کارکن کمیٹی ہے۔

و۔ انکم ٹیکس رولز کے مطابق محفوظ سرمایہ منتقل کیا جائے۔ اس سلسلے میں ضیاء وحید رضوی ایڈوکیٹ رہنمائی فرمائیں گے۔

۵۔ اشاعت فہرست املاک انجمن: بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ اکتوبر ۱۹۹۱ء حسب قرارداد کارکن کمیٹی فہرست املاک انجمن سالانہ رپورٹ بابت سال ۱۹۹۱ء۔۱۹۹۳ء میں شائع نہیں کی گئی۔ آئندہ اس پر عمل کیا جائے۔

و۔ عمل کر دیا گیا ہے۔

۶۔ اشاعت شیڈول آف انوسٹمنٹ: بحوالہ فیصلہ کارکن کمیٹی (روئداد جلسہ سالانہ اکتوبر ۱۹۹۱ء صفحہ ۱۳)

شیڈول آف اسٹیمنٹ سالانہ رپورٹ میں شائع نہیں کی گئی۔ قرارداد پر اب عمل کیا گیا ہے۔

و۔ منظور ہے عمل کیا جائے گا۔

۷۔ **انٹرنل آڈٹ حسابات مرکزی دفتر:** (بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ اکتوبر ۱۹۹۱ء صفحہ ۱۲) انٹرنل آڈٹ حسابات عمل میں نہیں آیا۔ اس پر سنجیدگی سے غور فرمایا جائے۔

و۔ آڈٹ ہو رہا ہے۔

۸۔ **اشاعت منظور شدہ کل وقتی و جزو وقتی عملہ مرکزی و مقامی دفاتر انجمن:** (بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ اکتوبر ۱۹۹۱ء) حسب قرارداد کارکن کمیٹی عملہ کی اشاعت عمل میں نہیں آئی۔ ریکارڈ کی تکمیل ضروری ہے۔ دفعہ ۷ دستور العمل

و۔ منظور کر لی گئی ہے۔

۹۔ **درخواستہائے ملازمین:** بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ اکتوبر ۱۹۹۱ء صفحہ ۲۰۔ کارکن کمیٹی کے فیصلے شائع نہیں کئے گئے۔

ب۔ **قیام مقامی دفتر کراچی شرقیہ:** اس دفتر کے قیام کا سہرا ہماری قوم کے ایک نہایت جوشیلے و معمر کارکن مرحوم محمد وصی خان صاحب کے سر ہے۔ موصوف نے اس دفتر کے قیام۔ ملازمین۔ انجمن کا بینک میں اکاؤنٹ کھولنے اور دائرہ کار کردگی سے متعلق کچھ تجاویز گذشتہ جلسہ سالانہ کے ایجنڈہ میں شامل کرائی تھیں وہ تجاویز کارکن کمیٹی کے زیر غور آئیں اور فیصلے بھی ہوئے لیکن یہ سب روئداد میں شائع نہیں کی گئیں۔ تجویز ہے کہ یہ تاریخی اہم واقعہ انجمن کے ریکارڈ پر لایا جائے۔

و۔ اس سال عمل کرایا گیا ہے۔

۱۰۔ **اخراجات علاقائی دفتر:** تجویز ہے کہ مثل مقامی سیکریٹری علاقائی سیکریٹری کو منظور شدہ کمیشن کی حد تک اخراجات کا مجاز قرار دیا جائے۔

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

۱۱۔ **الاٹمنٹ نیا نمبر ممبری:** تجویز ہے کہ مقامی دفاتر سے حسابات موصول ہونے پر نئے ممبران کو نمبر ممبری الاٹ کر دئے جایا کریں۔ اس لئے کہ عرصہ تک نمبر ممبری الاٹ نہ کرنے سے مرکزی اور مقامی دفاتر کو وصولیابی کے صحیح حسابات رکھنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

۱۲۔ **مکرر الاٹمنٹ نمبر ممبری باقاعدہ ممبران:** عمومی ممبران کی پہلی فہرست ۱۹۲۵ء میں مرتب کی گئی تھی۔ اس وقت سے تا حال فہرست میں نئے ممبران کا اضافہ ہوتا رہا ہے اس طویل عرصہ میں جن بے قاعدہ ممبران کے رجسٹر سے نام خارج کئے گئے ان کو حذف کر کے نئے نمبر ممبری کبھی الاٹ نہیں کئے گئے۔ یہاں تک کہ

اب نمبر ممبری چالیس ہزار تک پہنچ گیا ہے۔ حالانکہ باقاعدہ ممبران کی تعداد دس ہزار بھی نہیں ہے۔ اس لئے تجویز ہے کہ باقاعدہ ممبران کو نئے نمبر ممبری اس طرح الاٹ کئے جائیں کہ ان کی آپس کی پہلی سینئر آرٹی برقرار رہے۔

و۔ کمپیوٹرائزڈ ہونے پر شکایت دور ہو جائے گی۔

۱۳۔ روانگی ایجنڈہ جلسہ سالانہ: تجویز ہے کہ جلسہ سالانہ کا ایجنڈہ مع ایک جلد دستور العمل اراکین کو بذریعہ معمول بک پوسٹ انڈر پوسٹل سرٹیفکیٹ روانہ کیا جایا کرے۔ اس امر کا انجمن کے ماہنامہ میں پیشتر سے اعلان کر دیا جایا کرے کہ اگر کسی رکن کو مقررہ تاریخ انعقاد جلسہ سالانہ سے ایک ہفتہ پہلے تک ایجنڈہ موصول نہ ہو تو وہ مرکزی دفتر سے مزید کاپی طلب فرمائیں۔ اس طرح انجمن کے ڈاک کے مصارف میں بڑی کمی ہو جائے گی۔

و۔ پہلے ہی عمل ہو رہا ہے۔

۱۴۔ فارم رسید: کسی غلط فہمی کے سبب اس فارم پر سے دو کالم "مقام و وصول نمبر مرکزی دفتر" حذف ہو گئے ہیں۔ ان کے اضافہ پر غور کیا جائے۔

و۔ پڑتال کر کے عمل کیا جائے گا۔

۱۵۔ سرمایہ کاری مکرر سرمایہ کاری: بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ اکتوبر ۱۹۹۱ء صفحہ ۱۱۔ تجویز ہے کہ اس سلسلہ میں دفعہ ۲۹ دستور العمل پر سختی سے عمل کیا جائے اس لئے کہ انویسٹمنٹ اب کروڑ سے تجاوز کرنے والا ہے۔ اس لئے محتاط طریقہ یہی ہے کہ ذمہ داری میں تمام کارکن کمیٹی کو شریک کیا جائے۔

و۔ موجودہ صورت حال صحیح ہے۔

۱۶۔ مقام انعقاد جلسہ سالانہ: تجویز ہے کہ کارکن کمیٹی کا سالانہ جلسہ یا تو مرکزی دفتر کے قریب کسی جگہ منعقد کیا جایا کرے یا مرکزی و مقامی دفاتر کے رجسٹر حسابات و رجسٹر ممبران اور متعلقہ عملہ جلسہ گاہ میں موجود ہوا کرے۔

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

۱۷۔ قیام خمس، زکوٰۃ، فطرانہ صدقات وغیرہ فنڈ: بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ کارکن کمیٹی منعقدہ ۲۵-۲۶ اکتوبر ۱۹۹۱ء صفحہ ۲۲ دینی تعلیم۔ جناب علامہ حافظ کفایت حسین / جناب مولانا سید محمد دہلوی اور جناب جسٹس سید جمیل حسین رضوی مرحومین انجمن تحفظ حقوق شیعہ، شیعہ مطالبات کمیٹی اور انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے بیک وقت روح رواں رہے لیکن ان بزرگوں اور ان سے

پیسے خود بانیانِ انجمن اور ان کے رفقائے کار نے انجمن کی کارکردگی کو اس کے نصب العین تک محدود رکھا۔ یہی نہیں بلکہ جلسہ سالانہ کارکن کمیٹی منعقدہ ۲۸ اکتوبر ۱۹۸۰ء زیرِ صدارت جناب جسٹس سید جمیل حسین رضوی مرحوم میں بھی حتمی طور پر طے پایا کہ "انجمن ان مدات میں رقوم کا کوئی منصوبہ نہیں رکھتی" لہٰذا اب ان مدوں میں لاکھوں روپے کی رقوم جمع کرنا اور ان سے مذہبی اداروں اور ان اداروں میں زیرِ تعلیم طلباء کے خاندانوں کی ناقابلِ واپسی رقوم سے امداد انجمن کے حکومت کے منظور شدہ دستورالعمل کی دفعہ ۲ "نصب العین" کے خلاف ہے۔ اس لئے تجویز ہے کہ اس شعبہ کو انجمن سے فوراً علیحدہ کیا جائے۔

و۔ فیصلہ ہو چکا ہے۔

۱۹۔ فارم درخواست برائے منظوری وظائف جدید برائے درجات اول تا ہشتم و دینی تعلیم:
یہ وظائف انجمن کے خمس، زکوٰۃ و صدقات وغیرہ کے فنڈ سے ناقابلِ واپسی تقسیم کئے جائیں گے لہٰذا مندرجہ بالا سرخی کے آخر میں الفاظ "از خمس و زکوٰۃ وغیرہ فنڈ" کا اضافہ ضروری ہے۔

۱۹A۔ دوسرے درخواست دہندہ والد یا سرپرست ہے تو امیدوار وظیفہ والد یا سرپرست ہوا نہ طالب علم/طالبہ؟ تیسرے دینی تعلیم کے طلباء میں مولوی۔ مولوی عالم۔ مولوی فاضل۔ ممتاز الافاضل یا ان کے مساوی درجات کے اکثر طلباء بالغ ہوں گے۔ چنانچہ ایسی صورتوں میں درخواست دہندگان خود طلباء ہونے چاہئیں نہ کہ والد/سرپرست۔ اس لئے تجویز ہے کہ فارم درخواست زیرِ غور میں ضروری ترمیم و تنسیخ کی جائے۔

و۔۱۹ موجودہ طریقہ درست ہے۔ ۱۹-A- پر عمل کیا جائے گا۔

۲۰۔ تحفظ دستاویزات ملکیت انجمن: دفعہ ۳۰ دستورالعمل یہ ہے "تمسکات و کفالت نامہ جات و دیگر دستاویزات متعلق سرمایہ جائیداد انجمن کسی مستند بینک میں منجانب انجمن داخل رہیں گی اور ان کی رسید جنرل سیکرٹری بہ ثبوت داخلہ اپنی تحویل میں رکھے گا۔" تجویز ہے کہ اس پر سختی سے عمل کیا جائے تاکہ انجمن کی جائیداد کے ملکیت ناموں کی تلاش میں جو مشکلات اس وقت درپیش ہیں آئندہ پیش نہ آئیں۔

و۔ عمل ہو رہا ہے۔

۲۱۔ اضافی شرح وظائف: بحوالہ روئداد جلسہ سالانہ منعقدہ اکتوبر ۱۹۹۱ء صفحہ ۱۲۔ تجویز ہے کہ (و) انجینیئرنگ ڈگری کورس کی شرح وظیفہ بھی میڈیکل کے برابر یعنی ۵۰۰/- روپے سالانہ کر دی جائے

(ب) گزشتہ جلسہ سالانہ میں شرح وظائف میں اضافہ کرتے وقت شعبہ کمپیوٹر سائنس کی شرح وظیفہ مقرر نہیں کی گئی تھی اس لئے کہ فہرست امیدواران وظائف میں اس شعبہ کا کوئی امیدوار نہیں تھا۔ تجویز ہے کہ اس شعبہ کی شرح وظیفہ میں -/۲۲۰۰ روپے سالانہ سے بڑھا کر -/۲۷۰۰ روپے سالانہ کر دیا جائے۔

• موجودہ شرح درست ہے۔

۲۲۔ <u>رجسٹر آئینہ حسابات مقامی دفاتر</u>: اس نام کا ایک رجسٹر مطبوعہ پروفارمہ پر مبنی انجمن کے مرکزی دفتر میں ہوا کرتا تھا جو اب نظر نہیں آتا۔ کسی مقام پر ایک یا ایک کے بعد دوسرے مقامی سیکرٹری کی تاریخ تقرری، علیحدگی، اس کی تحویل کی رقم اور رسید بک، پتہ وغیرہ کی مکمل معلومات اس میں موجود رہتی تھیں جو اب مقامی دفاتر سے معلوم کرنا بھی چاہیں تو معلوم نہیں ہوتیں۔ اس لئے تجویز ہے کہ انجمن کے پرانے ریکارڈ سے تلاش کر کے اس رجسٹر کے استعمال کا رواج جاری کیا جائے۔

• ضیاء الحسن نقوی صاحب رجسٹر کے کالم مہیا کریں گے جس کے بعد رجسٹر تیار کیا جائے گا۔

۲۳۔ <u>ہینڈنگ ٹیکنگ اوور مابین سابق و حال جنرل سیکرٹری صاحبان</u>: کراچی میں سابق جنرل سیکرٹری جناب سید بشیر حسین نقوی صاحب کے اچانک انتقال اور نئے جنرل سیکرٹری جناب سید ابرار حسین شیرازی صاحب کے اپنے عہدہ کا چارج لینے سے پہلے شدید علالت کے باعث سابق و حال جنرل سیکرٹری صاحبان کے درمیان ہینڈنگ ٹیکنگ اوور نہیں ہو سکا۔ اس لئے تجویز ہے کہ انجمن کا مرکزی دفتر لاہور منتقل ہو کر جو بھی کچھ لاہور آیا ہے۔ اس کی انونٹری ریکارڈ پر لائی جائے۔ (دفعہ ۲۵ دستور العمل)۔

• عمل ہو رہا ہے۔

۲۴۔ <u>حسابات کیلنڈر</u>: تجویز ہے کہ مقامی دفاتر سے مرکزی دفتر سے روانہ شدہ کیلنڈروں کی قیمت کی انجمن کی مطبوعہ رسید طلب کی جایا کرے اس لئے کہ مرکزی دفتر کیلنڈروں کی قیمت فروخت موصول ہونے پر باقاعدہ رسید جاری کرتا ہے۔ اس رقم کا کریڈٹ دینا جس کا ڈیبٹ نہ کیا گیا ہو میرے نزدیک کوئی اکاؤنٹنگ نہیں ہے۔

• موجودہ طریق کار صحیح ہے۔

۲۵۔ <u>اشاعت آڈٹ رپورٹ</u>: انجمن کے حسابات بابت سال ۹۱-۱۹۹۰ء کی جو آڈٹ رپورٹ انجمن وظیفہ لاہور کے مئی ۱۹۹۲ء کے شمارہ میں شائع کی گئی ہے اس کے اعداد و شمار صاف پڑھنے میں نہیں آسکتے۔ علاوہ ازیں رپورٹ کا خط بنام انجمن بھی موجود نہیں ہے۔ تجویز ہے کہ آئندہ

اس خاص معاملہ پر توجہ دی جائے۔

و- آئندہ صحیح پرنٹنگ کرائی جائے گی- پرنٹرز کو لکھ دیا جائے گا۔

۲۶- <u>واپسی قرض حسنہ از سابق وظیفہ داران</u> : انجمن کی قابل واپسی رقم میں بڑی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ سالانہ رپورٹ بابت سال ۹۰-۱۹۸۹ء کے مطابق ۳۰ جون ۱۹۹۰ء کو قابل واپسی رقم ۸۶،۸۶،۶۲۳/- روپے تھی اس کے مقابلہ میں واپسی کی رقم ۳۰ جون ۱۹۹۱ء کو ۲۱،۶۵،۲۹/- روپے تھی۔ ملاحظہ ہو گوشوارہ ترقی :-

رفتار ترقی واپسی قرض حسنہ

نمبر شمار	سال	رقم واپسی	نمبر شمار	سال	رقم واپسی
۱	۸۰-۱۹۷۹ء	۱۱۴۰۱۴/- روپے	۷	۸۶-۱۹۸۵ء	۲۵۳۷۹۷/- روپے
۲	۸۱-۱۹۸۰ء	۱۵۵۳۴۰/-	۸	۸۷-۱۹۸۶ء	۲۸۷۶۵۵/-
۳	۸۲-۱۹۸۱ء	۱۲۹۴۰۲/-	۹	۸۸-۱۹۸۷ء	۲۳۱۵۴۱/-
۴	۸۳-۱۹۸۲ء	۱۱۷۳۰۳/-	۱۰	۸۹-۱۹۸۸ء	۲۷۱۱۴۳/-
۵	۸۴-۱۹۸۳ء	۸۸۸۴۸/-	۱۱	۹۰-۱۹۸۹ء	۱۹۷۷۶۵/-
۶	۸۵-۱۹۸۴ء	۱۱۹۹۲۳/-	۱۲	۹۱-۱۹۹۰ء	۲۱۶۵۲۹/-

مندرجہ بالا اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ قابل واپسی رقم اور شعبہ کی موصولہ رقوم میں تناسب قابل اطمینان نہیں ہے۔ لہٰذا تجویز ہے کہ اس پر سنجیدگی سے غور کیا جائے۔

و- شعبہ واپسی وظائف مزید کوشش کرے۔

۲۷- <u>روانگی سٹیشنری از مرکزی دفتر لاہور</u> : تجویز ہے کہ سوائے رسید بک دیگر تمام سٹیشنری کا معمولی بک پوسٹ یا پارسل کے ذریعہ روانگی کی جایا کرے۔ رجسٹری کی بالکل ضرورت نہیں ہے۔

و- عمل ہو رہا ہے وظائف کے چیک بذریعہ رجسٹری جائیں گے۔

۲۸- <u>اشاعت اسی سالہ کارکردگی انجمن</u> : قیام انجمن کو اسی سال ہو چکے ہیں۔ تجویز ہے کہ انجمن کی اس طویل کارکردگی سے متعلق ملک کے ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں سے مضامین (نظم و نثر) کے حصول اور چیدہ چیدہ مضامین انجمن کے ماہنامہ کے سپیشل نمبر میں شائع کرنے پر غور کیا جائے۔

و- تجویز منظور ہے۔

۲۹- <u>آڈٹ حسابات انجمن</u> : تجویز ہے کہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو جو حسابات آڈٹ کے لئے پیش کئے جائیں وہ مصدقہ کارکن کمیٹی ہونے چاہئیں۔ اس لئے کہ اکاؤنٹنٹس صاحبان اندراجات کی درستی کا ذمہ دار انجمن کی کارکن کمیٹی کو ٹھہراتے ہیں۔ چونکہ انجمن کا جلسہ سالانہ نومبر کے پہلے ہفتہ میں لازماً ختم ہو جاتا ہے اس لئے نومبر، دسمبر اور جنوری آڈٹ کے لئے کافی عرصہ ہے۔ اور انکم ٹیکس سے استثنیٰ کی درخواست داخل دفتر کرنے کی آخری تاریخ بھی ۳۰ جنوری ہے۔

و- موجودہ طریق کار صحیح ہے۔

۳۰- <u>نام شعبہ واپسی قرض حسنہ</u> : امیدوار درخواست میں لکھتا ہے کہ "میں حلفیہ اقرار کرتا ہوں کہ تمام قواعد و شرائط انجمن پر کاربند رہوں گا۔ اور تکمیل تعلیم اور حصول روزگار کے بعد وظیفہ کی رقم اپنی آمدنی کے دس فیصد کے حساب سے بالاقساط واپس کر دوں گا۔" اقرار رقم کی واپسی کا ہے۔ یہی فرد اقرار نامہ میں لکھتا ہے کہ "... ممنقر کو تکمیل تعلیم کے لئے مالی امداد کی ضرورت ہے اور ممنقر کی درخواست پر انجمن ...... نے معرفت ...... حسب قواعد انجمن مبلغ ...... روپے سالانہ تعلیمی اخراجات کے لئے ...... مدت کے واسطے بلا سودی ممنقر کے اس اقرار پر کہ وہ جس قدر رقم وظیفہ اس کو ملے گی، برسرکار ہوتے ہی ادا کر دے گا۔" یہاں بھی اقرار رقم کی واپسی کا ہے۔ اس لئے تجویز ہے کہ شعبہ کا نام "واپسی قرض حسنہ" بحال کیا جائے۔ واپسی وظائف غیر قانونی ہے۔

و- موجودہ طریق کار درست ہے۔

۳۱- <u>اپیل برائے حصول رقوم خمس، زکوٰۃ صدقات وغیرہ</u> : ملاحظہ ہو روئداد جلسہ سالانہ کارکن کمیٹی منعقدہ ۲۵-۲۶ اکتوبر ۱۹۹۲ء صفحہ ۲۰۔ مکرمی جناب جنرل سیکرٹری صاحب ارشاد فرماتے ہیں کہ "خمس کی وصولی کے لئے ہم نے کبھی کوئی کوشش یا اپیل شائع نہیں کی لیکن اس کے باوجود مومنین کرام انجمن ہذا پر اعتماد کرتے ہوئے خمس کی رقوم ارسال کرتے رہتے ہیں۔" اس کے برعکس قبلہ و کعبہ جناب صدر انجمن مدظلہ کے اسم گرامی سے خمس، زکوٰۃ، فطرانہ، صدقات کی مدوں میں رقوم عنایت کرنے کی اپیلوں کی اشاعت کا مستقل سلسلہ جاری ہے۔ تجویز ہے کہ اس تضاد کو دور کیا جائے۔

و- فیصلہ ہو چکا ہے۔ حذف کر دیا گیا ہے۔

۳۲- <u>استحقاق قائم کنندگان فنڈ / یادگار فنڈ</u> : انجمن کا ہر باقاعدہ ممبر فارم درخواست

وظیفہ پیدا امیدواروں دو وظائف کی سفارش کرنے اور انتخابات کا رکن کمیٹی میں ووٹ دینے کا حقدار ہے۔ نیز مرحوم ممبران کی اولاد بلا استثنیٰ تعلیمی قابلیت حسبِ جماعت سے وظیفہ پانے کی حقدار ہے۔ تجویز ہے کہ اگر کوئی قائم کنندہ فنڈ، یادگار فنڈ، انجمن کا کسی صنف کا ممبر نہیں ہے تو اس کو یہ تمام حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔

و۔ موجودہ طریق کار درست ہے۔

جناب خلیفہ سید حسن مہدی صاحب۔ علاقائی سیکرٹری۔ لاہور

"اس سے بہتر تجویز فی الحال ممکن نہیں ہے (لاہور میں مستقل دفتر کا قیام) انجمن کے اپنے اچھے دفتر کی ضرورت بہت زیادہ ہے۔ اگر یہ قائم ہو جائے تو اکابرین اور روساء ملت کو بلا کر فنڈ میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ انجمن کے دفتر میں جاتے ہوئے لوگ گھبرا جاتے ہیں کہ راستہ کدھر جا رہا ہے۔"

و۔ طے ہو چکا ہے۔

جناب میجر ریٹائرڈ ایس ایس حیدر۔ مقامی سیکرٹری۔ اسلام آباد

"ماہنامہ میں انجمن کی دستور العمل کمیٹی نے دفعہ ۲ میں ترمیم کی سفارش کی ہے۔ وہ ہر لحاظ سے غلط ہے اگر قرضے ناقابل واپسی دیئے جائیں گے تو وہ قرضے نہیں کہلائیں گے بلکہ انہیں بخشش یا انعام اکرام کہا جا سکتا ہے۔ اس قسم کی عنایات خسروانہ سے بدعنوانیوں کا چارہ کھل جائے گا۔ اور انجمن کی ساکھ کو بے پایاں نقصان پہنچے گا۔ جس کی انجمن متحمل نہیں ہو سکتی۔ اس قسم کی تجاویز کو زیر غور لانا بھی درست نہیں۔"

و۔ طے ہو چکا ہے۔

جناب محمد صدیق چوہدری۔ مقامی سیکرٹری۔ نمائندہ گجرات

"جناب سبطین صادق نقوی کی اس تجویز سے مکمل اتفاق کرتا ہوں جس میں انہوں نے موجودہ طریق کار اور حالات سے بالکل مختلف اور بہترین تجویز پیش کی ہے۔ مجھے امید ہے کہ میرے تمام بھائی ان سے اتفاق کریں گے۔"

و۔ طے ہو چکا ہے۔

جناب سید عطا محمد نقوی - مقامی سیکرٹری - پکی شاہ مردان

"ایک قابل تحسین تجویز ہے (منجانب صدر محترم) اسے تجویز کی بجائے قرض فیصلہ کا نام دے کر اپنے شعور اور سوجھ بوجھ کا ثبوت دے۔"

2	10407	محمد قتی حیدری ولد مولوی مراد علی حیدری	اولی	"
3	10408	محمد اسلم ولد غلام اکبر کھوسو	اولی	" "
4	10460	محمد گل ولد محمود خاں چانڈیو	اربعہ	" "

5	10656	محمد علی حسن ولد رجب علی	قمرالافاضل جامعۃ المرتضیٰ گلبرگ لاہور	
6	10657	اظہر شبیر ولد غلام شبیر	" " " "	
7	10658	رمضان علی ولد	سلطان الافاضل "	
8	10659	سفیر حسین ولد نذیر محمد خاں	قمرالافاضل "	
9	10672	سید مشتاق حسین نقوی ولد سید چمن شاہ	ابتدائی عربی تعلیم مدرسہ باب الحوائج ٹھٹھہ سندھ	
10	10673	سید جان علی شاہ کاظمی	" —	
11	10674	احمد خاں لغاری ولد غلام مصطفیٰ لغاری	" " " "	
12	10675	مشتاق علی شاہ کاظمی ولد سلطان علی شاہ	" " "	
13	10676	حاکم علی لغاری ولد شبیر احمد لغاری	" " "	
14	10677	محمد علی شاہ نقوی ولد علی اصغر شاہ	—	
15	10678	محمد حسن ولد محمد اسحاق خاں	" —	
16	10679	امداد علی ولد محمد صالح	ابتدائی عربی تعلیم مدرسۃ باب الحوائج ٹھٹھہ سندھ	
17	10680	غلام قاسم ولد محمد چمن	" " "	
18	10795	مشتاق علی ولد نور محمد	اولیٰ	جامعہ علومیہ شارع العلوم حیدرآباد
19	10796	شفیع محمد ولد نور محمد	اولیٰ	" "
20	10798	محمد گل ولد محمود خاں چانڈیو	اولیٰ	" "
21	10799	محمد علی پٹھان ولد اکبر پٹھان	اولیٰ	" " "
22	10861	عباس علی ولد علی بخش	اربعہ	" "
23	10881	محمد اشرف ولد نواب خاں تالپور	سابعہ	جامعہ علومیہ شارع العلوم حیدرآباد
24	10889	اختر علی کھوسو ولد حق خاں کھوسو	اولیٰ	" "
25	11040	لعل بخش ولد گلاب	سابعہ	جامعہ عربیہ سلطان المدارس خیرپور
26	11042	نظر حسین ولد مولوی شبیر حسین	سلطان الافاضل "	
27	11043	مرید خاں رند ولد سارنگ خاں رند	خمسہ	" "
28	11052	سید رضا نقوی ولد سید محمد تقی	اولیٰ	مدرسہ دارالحکمت مسجد [illegible] [illegible]
			" "	
29	11053	محسن علی ولد محمد اسماعیل	[illegible]	[illegible]
30	11054	محمد [illegible] ولد غلام [illegible]	چہارم	مدرسہ جامعہ [illegible]
31	11055	[illegible]	[illegible]	مدرسہ [illegible]

32	11056	محمد حبیب ولد حاجی تقی	اولی	مدرسہ جامعۃ المسلمین گلشن اقبال کراچی
33	11057	سید احمد حسرت ولد سید عبداللہ شاہ	کتاب نحو الھدایہ	جامعہ امامیہ کراچی
34	11119	خادم حسین ولد حاجی محمد	اربعہ	مدرسہ جامعۃ المسلمین کراچی
35	11315	ر شبیر احمد چانڈیو	اولی	مدرسہ مشارع العلوم لطیف آباد۔ حیدرآباد
36	11325	اصغر علی ولد علی	تعلیم ھدایۃ النحو	جامعہ سبطین گلشن اقبال کراچی
37	11326	فدا حسین توسلی ابن حاجی مھدی	"	" "
38	11327	غلام حسن عابدی ولد غلام حسن	"	" "

کمرشل آرٹ

وظیفہ جدید 93-1992ء — وظیفہ شرح سالانہ 3000 روپے

نمبر شمار	وظیفہ نمبر	نام طالب علم معہ ولدیت	کلاس	ادارہ تعلیم، شہر
1	10693	منصور علی ولد محمد عباس	کمرشل آرٹس	اردو آرٹ کالج کراچی

دینی تعلیم بیرون ملک

غیر شادی شدہ ۔/۲۰۰۰ روپے
شادی شدہ ۔/۳۰۰۰ "

وظیفہ جدید 93-1992ء — وظیفہ شرح سالانہ

نمبر شمار	وظیفہ نمبر	نام طالب علم معہ ولدیت	کلاس	ادارہ تعلیم، شہر
1	10756	غلام شبیر ایمانی ولد خیر محمد	مدرسہ مرتضویہ	قم ایران
2	11215	محمود حسین عسکری ولد ابن حسین	حوزہ علمیہ	
3	11216	غلام عباس موحدی ابن غلام محمد	"	"
4	11347	سید حسنین عباس گردیزی ولد قاسم علی گردیزی	"	"

وظائف بیرون ملک از آغا حسن عابدی صاحب فنڈ

وظیفہ جدید 93_1992ء

نمبر شمار	وظیفہ نمبر	نام طالب علم معہ ولدیت	کلاس	ادارہ تعلیم و شہر
1	10311	سید نسیم حیدر جعفری ولد سید علی ابرار جعفری	"	امریکہ
2	10312	سید آفتاب احمد ولد آل احمد حسنی	"	"
3	11354	سید حسن رضا کاظمی ولد سید رضا علی کاظمی	"	"

انتخاب عہدیداران برائے سال ۹۳-۱۹۹۲ء

صدر	جناب سید سبطین صادق نقوی ۳۶-ڈی این بلاک نارتھ ناظم آباد کراچی-
نائب صدر	جناب سید نجم الحسن بخاری ایڈووکیٹ چنیوٹ بازار فیصل آباد-
نائب صدر	جناب حاجی سید سید حسین شاہ سابق سینٹر کوئٹہ-
نائب صدر	جناب مرزا عابد حسین حیدرآباد
جنرل سیکرٹری	جناب مولانا سید ابرار حسین شیرازی ۱۷- لیک روڈ لاہور-
نگران اعلیٰ علاقائی و مقامی دفاتر-	جناب سید محمد تقی ایڈووکیٹ ۱۷- لیک روڈ لاہور-
سیکرٹری فنانس	جناب سید ضیا حیدر رضوی ۱۱- جسٹس کیانی روڈ لاہور-
سیکرٹری نشر و اشاعت	جناب پروفیسر ڈاکٹر سید حسن عسکری ۱۷ جسٹس کیانی روڈ لاہور
سیکرٹری شعبہ واپسی وظائف	جناب پروفیسر شیخ انصار حسین مسجد نور ایمان ناظم آباد کراچی ۲

کارکن کمیٹی برائے ۹۳-۱۹۹۰ء

۱.جناب سید سبطین صادق نقوی کراچی- ۲.جناب پروفیسر ڈاکٹر شیخ انصار حسین کراچی-

۳.جناب سید باقر رضا حیدر آباد- ۴.جناب خلیفہ سید حسن مہدی لاہور-

۵.جناب سید نجم الحسن بخاری فیصل آباد- ۶.جناب خلیفہ سید غلام السیدین لاہور-

۷.جناب پروفیسر سید زین العابدین کراچی- ۸.جناب سید محمد سبطین کراچی-

۹.جناب مسعود الحسن زیدی لاہور- ۱۰.جناب سید سعید عالم زیدی لاہور-

منصبی ممبران-

۱.جناب سید عباس حسین گردیزی ملتان- ۲.جناب شیخ نیاز احمد لاہور-

۳.جناب ڈاکٹر سید اکمل حسین رضوی راولپنڈی- ۴.جناب سید ضیاء الحسن نقوی راولپنڈی-

۵.جناب ڈاکٹر نظیر الحسنین زیدی لاہور- ۶.جناب ڈاکٹر سید اکمل حسین رضوی لاہور-

۷.جناب شیخ محمد صدیق لاہور- ۸.جناب مولانا ابرار حسین شیرازی لاہور-

۹.جناب سید محمد تقی ایڈووکیٹ لاہور- ۱۰.جناب ضیاء حیدر رضوی لاہور

۵۔ جناب پروفیسر سید حسن عسکری رضوی لاہور۔

نامزد ممبران۔

۱۔ جناب عترت حسین قریشی پشاور۔
۲۔ جناب سید محمد زیدی ایڈووکیٹ ساہیوال۔
۳۔ جناب چوہدری اعجاز حسین کوئٹہ
۴۔ جناب سید غوث علی شاہ شان۔ بخاری مرحوم جیکب آباد۔

علاقائی سیکرٹری صاحبان۔

۱۔ جناب سید ضیاء الحسن نقوی ۶۸۰۔ پی اورنگ آباد راولپنڈی۔
۲۔ جناب پروفیسر مولانا سید زین العابدین عابدی مسجد نور ایمان۔ ناظم آباد نمبر ۲ کراچی۔
۳۔ جناب عترت حسین قریشی واپڈا ہاؤس شامی روڈ۔ پشاور۔
۴۔ جناب سید محمود الحسن۔ بخاری ایڈووکیٹ ۱۲ گلدین کالونی نواں شہر ملتان
۵۔ جناب خلیفہ سید حسن مہدی ۲۶۔ ایبٹ روڈ لاہور۔
۶۔ جناب مولانا مصداق الحسن جارچوی امام جمعہ و جماعت حیدری مسجد حسن چوک پرانا سکھر۔
۷۔ جناب سید افتخار حسین جعفری کاشانہ جعفریہ عارف روڈ کوئٹہ۔

رپورٹ جنرل سیکرٹری

جناب صدر محترم اور معزز اراکین کارکن کمیٹی! سلامٌ علیکم

خداوند عالم کی حمد و ثنا کے بعد حضرات محمد آل محمد علیہم السلام پر بے شمار درود و سلام سب سے پہلے میں آپ حضرات کا سپاس گزار ہوں کہ آپ نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر اس اجلاس میں شرکت کی زحمت فرمائی اس کا اجر تو آپ کو بارگاہ احدیت سے عطا ہوگا میں بہرحال صمیم قلب سے ممنون و مشکور ہوں۔ آپ میں وہ حضرات اور زیادہ شکریہ کے مستحق ہیں جنھوں نے دور دراز سے سفر کی صعوبتوں کو برداشت کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت کی سعادت حاصل کی ہے۔ جزاکم اللہ

گزشتہ سال کی سالانہ رپورٹ میں نے یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ میری طویل علالت کے پیش نظر مجھے جنرل سیکرٹری کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا جائے لیکن آپ نے ازراہ لطف و کرم بندہ پروری کرتے ہوئے میری درخواست کو شرف قبولیت عطا نہ فرمایا۔ بلاشبہ آپ کی اس ذرہ نوازی کو میں اپنے لئے باعث صد افتخار سمجھتا ہوں۔

میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پندرہ بیس سال سے انجمن کے ساتھ وابستہ ہوں اور ایک ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے خدمات انجام دیتا چلا آ رہا ہوں مجھے اس بات کا اقرار ہے کہ مجھ ایسا کوئی انسان معصوم عن الخطا نہیں ہے۔ مجھ سے بھی نادانستہ طور پر کوتاہیوں کا ارتکاب ہو سکتا ہے اور ہوا ہوگا۔ مجھے یہ بھی اعتراف ہے کہ میں اپنی علالت کی وجہ سے اپنے فرائض کما حقہٗ انجام نہیں دے سکا۔ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ است...... ۲ اپریل ۱۹۹۱ء سے بیمار چلا آ رہا ہوں۔ دل کے بائی پاس آپریشن کے باوجود ابھی صحت اعتدال پر نہیں آئی لیکن خدا تعالیٰ اور حضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام گواہ ہیں کہ آپریشن سے پہلے اور بعد بھی اب تک میں کبھی بھی انجمن کے امور سے غافل نہیں رہا ہوں۔ حالانکہ اس دوران میں بارہا ایسے مواقع آئے کہ میرے معالجین نے مجھے تاکیداً" مکمل آرام کا مشورہ دیا لیکن میں نے اس کے باوجود انجمن کے امور کو کبھی پس پشت نہیں ڈالا۔ مجھے اپنی اس کمزوری کا احساس ہے کہ میں عادتاً" حساس واقع ہوا ہوں اپنی چالیس سالہ قومی زندگی میں میں کبھی باد مخالف کی تندی سے پریشان نہیں ہوا ہوں البتہ یہ الگ بات ہے کہ دشمنوں کے پتھروں سے نہ گھبرانے والا دوستوں کے پھول مارنے سے بھی پریشان ہو جاتا ہے میں آج جنرل سیکرٹری ہوں کل میری جگہ پر کوئی اور یہ ذمہ داری سنبھالے گا اور وہ آپ ہی میں سے کوئی شخصیت ہو سکتی ہے میں اور میرے ساتھیوں نے جو کچھ بھی تھوڑی بہت خدمات انجام دی ہیں وہ عنداللہ و عندالرسولؐ ہیں۔ ہم خدا تعالیٰ اور چہاردہ معصومین علیہم السلام کے ساتھ ساتھ قوم کے ہر فرد کے سامنے اپنے آپ کو جوابدہ سمجھتے ہیں۔ آپ جس طرح سے چاہیں ہمارا محاسبہ کیجئے اور تنقید فرمایئے ہم دل و جان سے خیر مقدم کریں گے۔ لیکن اپنی تحریروں سے ذہنی اذیت تو نہ دیجئے..... بیماری میرے اختیار میں نہیں ہے لیکن جون ۹۲ سے

میں برابر علاج کرا رہا ہوں۔ آپریشن کے بعد خیال تھا کہ کسی قابل ہو جاؤں گا

اگست ۹۲ تک مسلسل تین ماہ بخار اور پورے جسم کے درد نے مجھے بے حال رکھا۔ بیماری کی شدت کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ ایک ہفتہ میں میرا ایک کلو وزن کم ہونا شروع ہو گیا تھا لیکن بفضلہ تعالیٰ اب صحت اعتدال کی جانب بڑھ رہی ہے لیکن اس کے باوجود میں دیانتداری سے یہ سمجھتا ہوں کہ ۹۳-۱۹۹۲ء کے دوران بھی اس قابل نہیں ہوں گا کہ اپنی خدمات کا سلسلہ جاری رکھ سکوں۔ مجھے مکمل آرام اور ذہنی سکون کی ضرورت ہے میں ایک بار پھر دست بستہ یہ درخواست کرتا ہوں کہ مجھے میری ذمہ داریوں سے قطعی طور پر سبکدوش کر دیا جائے کیونکہ جب تک میرے نام کے ساتھ جنرل سیکرٹری لکھا جاتا رہے گا۔ میں اپنے کاندھوں پر ذمہ داریوں کا بوجھ محسوس کرتا رہوں گا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے بحق معصومین علیہم السلام مجھے زندگی اور صحت عطا فرمائی تو میں کسی نام اور عہدہ کے بغیر انجمن کے لئے خدمات انجام دینے کی سعادت حاصل کروں گا خدا تعالیٰ موفق فرمائے۔

قائم مقام جنرل سیکرٹری اور نگران اعلیٰ مقامی و علاقائی دفاتر جناب سید محمد تقی ایڈووکیٹ نے میری علالت کے دوران اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات اور کسی نام و نمود کے بغیر جس بے جگری کے ساتھ خدمات جلیلہ انجام دی ہیں اس سے جناب سید بشیر حسین نقوی مرحوم و مغفور سابق جنرل سیکرٹری کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ جنہوں نے جناب ڈاکٹر مولانا پروفیسر سید نظیر الحسنین زیدی مدظلہ العالی کی علالت کے دوران لازوال اور مثالی خدمات انجام دی تھیں۔ میں نہایت ذمہ داری سے یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ اس دو سالہ مدت کے دوران انہیں کام کرنے کا اچھا خاصہ تجربہ ہو چکا ہے۔ میری خواہش ہے کہ قائم مقام جنرل سیکرٹری کے بجائے موصوف کو جنرل سیکرٹری کے مکمل اختیارات تفویض کئے جائیں انشاء اللہ انجمن شاہراہ ترقی پر گامزن رہے گی۔ اور پھر ...... غالب خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں۔

اس جملہ معترضہ کے بعد ۹۲-۱۹۹۱ کی کارکردگی کا اجمالی تذکرہ آپ کی خدمت عالیہ میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرنا چاہوں گا۔

۲۔ آمدن دوران سال

خداوند متعال کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ انجمن کی مجموعی آمدن گزشتہ سال کی نسبت اب کی بار بھی زیادہ رہی۔ گزشتہ سال ۹۱-۱۹۹۰ میں آمدن مبلغ ۲۱۸۳۳۸۷ روپے تھی اور اب ۹۲-۱۹۹۱ میں مبلغ ۲۵۰۴۸۳۱ روپے ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور بتائید چہاردہ معصومین علیہم السلام انجمن نے اپنی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھا ہے جس کا سہرا کسی ایک فرد کے سر نہیں بلکہ اس کامیابی میں وہ تمام خواتین و حضرات شامل ہیں۔ جنہوں نے دامے درمے قدمے سخنے کسی بھی حیثیت سے بے لوث تعاون فرمایا ہے۔ مجھے توقع ہے کہ انشاء اللہ افراد ملت کی سرپرستی کا یہ سلسلہ جاری و ساری رہے گا۔ اور انجمن دن دگنی

رات چوگنی ترقی کرتی رہے گی۔

این دعا از من است و جملہ جہاں آمین باد

۳۔ انجمن کی ۸۰ سالہ مثالی زندگی بانیان انجمن جناب حاجی جلال الدین حیدر اعلی اللہ مقامہ اور جناب نواب محسن مرزا موسوی مرحوم و مغفور نے انجمن کی بنیاد ۱۹۱۲ء میں عروس البلاد لاہور میں کچھ ایسے خلوص کے ساتھ اپنے مبارک ہاتھوں سے رکھی کہ اس دن سے اب تک یہ بفضل تعالیٰ اور بتائید چہاردہ معصومین علیہم السلام برابر ترقی کر رہی ہے۔ اس کی اسی سالہ طویل زندگی اور روز افزوں ترقی اعلیٰ کارکردگی کی بین دلیل ہے۔ برصغیر میں ۱۹۱۲ء سے اب تک نہ جانے کتنی انجمنیں اور ادارے بنے ہوں گے لیکن ان میں سے شاید ہی کسی کا وجود اب تک باقی ہو۔ ہم نہایت فخر و انبساط کے ساتھ بجا طور پر یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ یہ اعزاز صرف اور صرف انجمن وظیفہ سادات و مومنین ہی کو حاصل ہے کہ وہ انڈیا اور پاکستان میں برابر قوم کے ضرورت مند طلباء و طالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ زندگی کے اسی سال مکمل ہونے پر ۹۳-۱۹۹۲ کے دوران ایک عشرے کا اہتمام کیا جائے

درخواستوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ گزشتہ سال ۲۲۳۵ کے درمیان ۲۲۵۳۶۵۲ روپے کے وظائف تقسیم کئے گئے لیکن اب کی بار ۹۳-۱۹۹۲ کے لئے درج ذیل تفصیل کے مطابق درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

	وظائف تجدید		وظائف جدید		میزان	
۳۱- اگست ۹۲	تعداد	رقم	تعداد	رقم	تعداد	رقم
	۲۲۳۷	۳۵٬۶۰٬۳۰۰	۷۳۹	۱۰٬۷۵٬۳۰۰	۲۹۷۶	۴۶٬۳۵٬۶۰۰
زائد المیعاد	-	-	۵۵۷	۷٬۹۴٬۳۰۰	۵۵۷	۷٬۹۴٬۳۰۰
میزان:-	۲۲۳۷	۳۵٬۶۰٬۳۰۰	۱۲۹۶	۱۸٬۶۹٬۶۰۰	۳۵۳۳	۵۳٬۳۰٬۳۰۰

بلاشبہ جہاں طلباء کی درخواستوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے وہاں ۹۳-۱۹۹۲ کے لئے ہمیں تمام وظائف کی تقسیم کے لئے مبلغ ۵۳۳۰۳۰۰ روپے درکار ہوں گے جو موجودہ وسائل کے لحاظ سے کسی طرح ممکن نہیں۔ آج تک انجمن ہر طالب علم کی درخواست کو منظور کرتی چلی آرہی ہے لیکن اب اگر مذکورہ بالا تمام درخواستوں کو منظور کیا جاتا ہے۔ تو پھر فنڈز کے حصول کے لئے بھی خاصی تگ و دو کرنا پڑے گی۔ کیونکہ ہمارے پاس موجودہ وسائل کے مطابق صرف مبلغ ۳۱۰۶۳۵۳ روپے قابل تقسیم ہیں جو بظاہر ہے کہ بہت کم ہیں اس سلسلے میں مناسب فیصلہ کی درخواست ہے۔

۵۔ معاونین کرام انجمن ہذا کی ترقی و استحکام میں علاقائی و مقامی سکریٹری صاحبان کی خدمات جلیلہ کو کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔ بلاشبہ ان کی حیثیت ریڑھ کی ہڈی کے مصداق ہے۔

۹۳-۱۹۹۲ کے دوران میں بھی انہوں نے اپنی بے لوث مساعی جمیلہ کا سلسلہ جاری رکھا۔ جس کا اجر تو انہیں بارگاہ احدیت سے عطا ہوگا۔ ہم بہرحال ممنون و تشکر ہیں۔ خداوند تعالیٰ ان کی توفیقات میں مزید اضافہ فرمائے۔

بعض مقامی سکریٹری صاحبان اس سال بھی اپنی دیگر مصروفیات کی وجہ سے انجمن کے لئے وقت نہیں نکال سکے ان حضرات سے ہم نے برابر رابطہ قائم کر رکھا ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ وہ بھی اس کار خیر میں جلد از جلد حصہ لیں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں موفق فرمائے۔

جناب جسٹس سید جمیل حسین صاحب رضوی مرحوم و مغفور کی دختر نیک اختر محترمہ مسز سعیدہ موسیٰ لاہور نے حسب سابق ۹۳-۱۹۹۲ کے دوران بھی گرانقدر اور لائق صد تحسین و آفرین خدمات انجام دیں۔ کاش کہ ہماری قوم کی دیگر خواتین بھی اس کار خیر میں حصہ لے سکیں!

۶۔ علاقائی اجلاس ۹۳-۱۹۹۲ کے دوران علاقائی اجلاس کوئٹہ میں منعقد کیا جانا تھا۔ جس کے لئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی تھیں۔ لیکن بدقسمتی سے مقررہ تاریخ سے ایک ہفتہ قبل وہاں کرفیو نافذ ہوگیا۔ جس کی وجہ سے اجلاس منعقد نہ ہوسکا۔ علاقائی جلسوں کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے اس لئے میری درخواست ہے کہ ۹۴-۱۹۹۳ کے دوران یہ اجلاس بہرحال کراچی' ملتان' راولپنڈی' سکھر' حیدر آباد' کوئٹہ' پشاور میں کسی دو ایک مقامات پر ضرور منعقد کئے جائیں۔ گزشتہ سال صدر محترم نے (روئیداد صفحہ ۳) ایسے اجلاس منعقد کرنے کے لئے اپنی مساعی جمیلہ کا وعدہ فرمایا تھا چنانچہ انہوں نے اس سلسلہ میں کوئٹہ میں اجلاس منعقد کرنے کی کوشش بھی کی لیکن وہاں کرفیو نافذ ہونے کی وجہ سے کامیابی نہ ہوئی۔

۷۔ یاد رفتگان گزشتہ سال انجمن کے سابق جنرل سکریٹری جناب سید بشیر حسین صاحب نقوی مرحوم اور ممبر کار کن کمیٹی جناب غلام شبیر ترابی مرحوم وکیل نوشہرو فیروز کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی تھی اور قرار داد تعزیت منظور ہوئی تھی لیکن لاعلمی کی وجہ سے ہماری انجمن کے ایک حصی ممبر اور سابق جنرل سکریٹری جناب الحاج خان صاحب سید نیاز احمد مرحوم و مغفور کراچی کا اسم گرامی شامل ہونے سے رہ گیا۔ دفتر میں موجود پتہ کے مطابق مرحوم کے نام ایک خط فروری ۹۲ء میں بھیجا گیا جو واپس آگیا۔ چنانچہ نیا پتہ معلوم کرنے کے لئے کراچی کے علاقائی سکریٹری جناب مولانا پروفیسر سید زین العابدین عابدی کو زحمت دی گئی تو انہوں نے یہ روح فرسا خبر سنائی کہ خان صاحب مرحوم و مغفور کا انتقال اپریل ۱۹۹۱ء میں ہوگیا تھا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نے ۷۲-۱۹۶۹ کے دوران بحیثیت آنریری جنرل سکریٹری گرانقدر خدمات انجام دی تھیں اس کے بعد ضعیفی اور شدید علالت کے باوجود کراچی میں منعقد ہونے والے اکثر جلسوں میں شرکت فرماتے رہے۔ جس سے انجمن کے ساتھ ان کی والہانہ وابستگی کا اظہار ہوتا تھا۔ ایسے محسن قوم کی وفات سے جو خلاء پیدا ہوگیا ہے اس کا پر ہونا مشکل نظر آرہا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے غیر معمولی

تاخیر کے ساتھ ہی سہی بعد معذرت ملتمس ہوں کہ مرحوم کی رحلت پر ایک قرار داد تعزیت منظور کی جائے اور ایصال ثواب کیلئے سورہ فاتحہ تلاوت فرمائیں۔

کارکن کمیٹی کے ایک اور نامزد رکن جناب سید غوث علی شاہ شان بخاری ایڈووکیٹ جیکب آباد بھی رحلت فرما گئے ہیں۔ انا للہ انا الیہ راجعون خدا تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ مرحوم کی رحلت پر بھی اظہار تعزیت کرتے ہوئے قرار داد تعزیت منظور کی جائے التماس سورہ فاتحہ

۸۔ عید کارڈ کی ترسیل گزشتہ عید الفطر کے موقع پر پانچ چھ سو عید کارڈ چھپوا کر انجمن کے جملہ کرم فرماؤں علاقائی و مقامی سکریٹری حضرات' عطیہ دہندگان' مخیر اداروں کارکن کمیٹی کے ارکان' مدیران شیعہ جرائد اور دیگر معاونین کے نام ارسال کرنے کی سعادت حاصل کی گئی جسے اکثریت نے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا لیکن ہمارے بزرگ اور معزز رکن جناب سید ضیاء الحسن صاحب نقوی نے اسے ناپسند فرمایا ہمارا مشاہدہ ہے کہ پاکستان میں اکثر چھوٹے بڑے قومی اداروں کی جانب سے عید کارڈ بھیجے جاتے ہیں۔ اس سے جہاں کسی ادارے کی زندگی کا ثبوت ملتا ہے وہاں اس کے کرم فرماؤں کو یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ انجمن نے خوشی کے موقع پر انہیں فراموش نہیں کیا ہے۔ میرے خیال میں یہ سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ عید کارڈز پانچ چھ سو نہیں کم از کم ایک ہزار کی تعداد میں ہر سال چھپوا کر تقسیم کیے جانے چاہیں۔ اس عید کارڈ میں مبارکباد کیساتھ ساتھ اعانت کی بھی اپیل کی جاتی ہے۔

۹۔ نشر و اشاعت انجمن ہذا اپنی سابقہ روایات کے مطابق نہایت خاموشی کے ساتھ قوم کی فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل ہے۔ لیکن اب بھی بہت ایسے افراد قوم ہیں جو انجمن ہذا کی خدمات جلیلہ سے پوری طرح آگاہ نہیں ہیں۔ عوامی رابطہ مہم کے پیش نظر اب کی بار کپڑے کے بینرز' بڑے پوسٹر اور بروشر کی اشاعت کا اہتمام کیا گیا اور انہیں رمضان المبارک میں مقامی سکریٹری صاحبان کی خدمت میں بھیج دیا گیا تاکہ وہ رمضان المبارک میں نماز جمعہ کے اجتماعات اور عید الفطر کے مواقع پر بینرز آویزاں اور پوسٹر دیواروں پر چسپاں کروا سکیں۔ پروپیگنڈا مہم کے اثرات ہمیشہ بہتر ہوا کرتے ہیں۔ اس مہم کے اثرات بھی خوشگوار رہے ہیں۔ انجمن کی خدمات کا اجمالی جائزہ ایک بروشر کی صورت میں شائع کرکے تقسیم کیا جارہا ہے۔ جس کی تعریف پاکستان ہی میں نہیں کل ہند انجمن وظیفہ سادات و مومنین کے عہدہ داران نے بھی کی ہے۔ علی گڑھ انڈیا سے جناب سید مرتضیٰ حسین صاحب بلگرامی مدیر پندرہ روزہ "انجمن" اور رکن کارکن کمیٹی نے اپنے ایک مکتوب میں اس کا اظہار کیا تھا جس کا اقتباس ماہنامہ "انجمن وظیفہ" لاہور کے ستمبر کے شمارے میں شائع کیا گیا ہے۔ الحمد للہ علی احسانہ

ماہنامہ انجمن وظیفہ لاہور کو بھی مئی ۱۹۹۲ سے گزشتہ روایات سے ہٹ کر صرف اور صرف انجمن کی سرگرمیوں سے متعلق مخصوص کردیا گیا ہے تاکہ انجمن اور اس کے کرم فرماؤں کے درمیان رابطہ' تعلق اور یکجہتی کی فضا کو مضبوط سے مضبوط تر کیا جائے اور وہ انجمن کی روزہ مرہ سرگرمیوں سے برابر باخبر رہیں۔ سرپرست' مربی' محسن' دوامی و لائف ممبران' عطیہ دہندگان' فنڈ قائم

کنندگان' قومی جرائد' علماء کرام اور مخیر حضرات کے نام ان کی ترسیل کو یقینی بنایا گیا ہے۔ ابتدائی ایک دو مہینوں میں خاصی دقت رہی اور ایک ایک گھر میں کئی کئی پرچے جاتے رہے۔ اور متعدد پرچے نامکمل پتہ جات کی وجہ سے واپس ملتے رہے۔ لیکن اب کسی حد تک اس صورت حال پر قابو پالیا گیا ہے۔ دو ایک مہینوں تک انشاء اللہ کوئی شکایت باقی نہیں رہے گی۔ اللہ ہماری مدد کریں۔

ماہنامہ انجمن وظیفہ میں نئی تبدیلیوں کی وجہ سے اب ہر ماہ وصول ہونے والی تمام رقوم کی تفصیل شائع کی جا رہی ہے۔ پہلے تو یہ ہوتا تھا کہ اگر کسی نے سال بھر میں کسی وقت چندہ' عطیہ' ممبر شپ' یادگار فنڈ' فیس وغیرہ ایسی رقوم عطا کی ہوتی تھیں تو اس کا ذکر دوسرے سال سالانہ رپورٹ میں ہوا کرتا تھا۔ لیکن اب سالانہ رپورٹ میں تو یہ تذکرہ شائع ہو گا ہی ہر ماہ عطیہ دہندگان کو اپنا اسم گرامی ماہنامے میں مل جائے گا۔ جس سے باہمی اعتماد کی فضاء اور زیادہ مضبوط ہو گی۔

میں نے ماہنامہ انجمن وظیفہ میں اپنے تجربہ کی روشنی میں کچھ تبدیلیاں کی ہیں اور اس کے لئے نئی راہیں متعین کی ہیں۔ اگر پسند آئیں تو ان کو جاری رکھا جائے بصورت دیگر مدیران ماہنامہ جیسا مناسب سمجھیں عمل میں لائیں۔

۱۰۔ مرزا ذیشان بیگ فنڈ۔ ۱۰ نومبر ۱۹۹۰ء کو کراچی کے اجلاس میں ذیشان فنڈ سے متعلق درج ذیل شرائط طے پائی تھیں۔

۱۔ فنڈ کا اکاؤنٹ الگ رکھا جائے۔

۲۔ فنڈ کے منافع سے تیس فیصد کے برابر رقم فنڈ کی اصل رقم میں ہر سال جمع کی جائے گی۔

۳۔ دس فیصد منافع کے برابر رقم کے وظائف کیلئے ذیشان فیملی جن طلباء کو نامزد کرے انجمن قبول کرے گی۔

۴۔ ساٹھ فیصد منافع انجمن اپنے ضوابط کے مطابق وظائف دے گی۔

۵۔ تمام یتیم طلباء کے لئے ذیشان فنڈ سے ملنے والے وظائف کی شرح انجمن کی معینہ شرح سے ڈیڑھ گنا زیادہ ہو گی۔

۶۔ انجمن کے وظائف کی طرح وظائف ذیشان بھی بطور قرض حسنہ دیے جائیں گے۔

۷۔ وظیفہ پانے والے طلباء اور ان کو دی گئی امداد کی تفصیلات فیملی کو فراہم کی جایا کریں گی۔ ذیشان فنڈ سے دیئے جانے والے وظائف "وظائف ذیشان" کہلائیں گے۔

ان شرائط کی منظوری سے جناب مرزا ذیشان بیگ صاحب کو آگاہ کر دیا تو انہوں نے گزشتہ سال ایجنڈا جاری ہونے کے بعد اس سلسلہ میں شرائط کے بارے میں مزید ترمیمات پیش کیں۔ جن کے بارے میں میں نے درخواست کی تھی کہ انہیں منظوری کے لئے گزشتہ سالانہ اجلاس میں پیش کیا جائے۔ انہیں پیش بھی کیا گیا لیکن کوئی فیصلہ نہ ہو سکا۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ۲۹ جنوری ۹۳ کو استصواب رائے کیا گیا۔ مجوزہ ترمیمات درج ذیل ہیں۔

۱۔ ذیشان فنڈ کا نام مرزا ذیشان بیگ فنڈ کر دیا جائے۔
۲۔ معاہدہ کی شق نمبر ۵ میں الفاظ تمام یتیم طلباء کے لئے ہیں۔ ان میں یہ تبدیلی کر لی جائے تمام یتیم یا معذور طلباء کے لئے
۳۔ ذیشان فیملی کا سب سے زیادہ عمر رکھنے والا فرد ذیشان فنڈ کی نمائندگی کا اختیار رکھے گا اور اس کا فیصلہ ذیشان فیملی کی طرف سے قطعی متصور ہو گا۔
۴۔ ذیشان فیملی اگر کسی سال دس فیصد وظائف جاری نہ کر سکے تو یہ رقم اصل فنڈ میں شامل کر دی جائے۔
۵۔ ۱۹۹۰ء کے اجلاس میں ذیشان فنڈ کے بارے میں طے شدہ شرائط میں کوئی فریق یکطرفہ طور پر کمی بیشی نہیں کر سکے گا۔

اس استصواب رائے کے جواب میں جناب ڈاکٹر سید اجمل حسین صاحب رضوی (راولپنڈی) جناب سید ضیاء الحسن صاحب نقوی راولپنڈی جناب عترت حسین صاحب قریشی پشاور جناب سید اکمل حسین صاحب رضوی لاہور جناب پروفیسر ڈاکٹر شیخ انصار حسین صاحب کراچی' جناب ڈاکٹر حسن عسکری رضوی لاہور اور جناب سید باقر رضا صاحب حیدر آباد نے اپنے اپنے نقطہ نظر سے آگاہ فرمایا۔ چونکہ بہت کم اراکین نے جواب دینے کی زحمت فرمائی تھی اور جو آراء موصول ہوئیں ان میں بھی اتفاق رائے نہیں پایا جاتا تھا اس لئے یہ معاملہ اجلاس میں پیش کیا جا رہا ہے۔

۱۱۔ مرزا ذیشان بیگ فنڈ برائے غیر مسلم طلباء ۲ مئی ۱۹۹۲ء کو جناب مرزا ذیشان بیگ لاہور نے اپنے ایک مکتوب میں خواہش ظاہر کی کہ وہ غیر مسلم طلباء کے لئے انجمن کے زیر اہتمام مرزا ذیشان بیگ فنڈ مبلغ دو لاکھ روپے سے قائم کرنا چاہتے ہیں چنانچہ ان کی یہ چٹھی ۳ مئی ۱۹۹۲ء کو تمام ممبران کی خدمت میں بھیج دی گئی۔ جس کے جواب میں جناب سید عباس حسین گردیزی ملتان' جناب سید ضیاء الحسن نقوی راولپنڈی' جناب ڈاکٹر اجمل حسین صاحب رضوی راولپنڈی' جناب خلیفہ سید غلام العابدین لاہور' جناب عترت حسین قریشی پشاور جناب سید باقر رضا حیدر آباد' جناب سید محمد زیدی ایڈووکیٹ ساہیوال' جناب پروفیسر شیخ انصار حسین کراچی جناب پروفیسر سید زین العابدین صاحب عابدی کراچی' جناب ڈاکٹر سید اکمل حسین رضوی لاہور' جناب سید نجم الحسن بخاری ایڈووکیٹ فیصل آباد اور جناب شیخ محمد صدیق صاحب لاہور نے اپنی اپنی گرانقدر آراء سے نوازا۔ اکثر و بیشتر تمام حضرات نے اس پیش کش کو سراہنے کے باوجود نامنظور فرمایا ہے۔ بہرحال یہ تجویز آپ کے فیصلہ کے لئے پیش کی جا رہی ہے۔

۱۲۔ صد شکر کہ این آمد صد حیف کہ آں رفت جب کبھی بھی انجمن کی تاریخ مرتب ہوئی تو اس میں جناب مستطاب آغا احمد حسن صاحب کا اسم گرامی سنہرے حروف کے ساتھ لکھا

جائے گا۔ انہوں نے کراچی میں دفتر کے قیام کے دوران جناب مرحوم سید بشیر حسین نقوی کا بھرپور ساتھ دیا۔ سالانہ اجلاس کے مواقع پر اپنی گرانقدر آراء سے نوازا۔ مرکزی دفتر کراچی سے لاہور منتقل ہوا تو انہیں شعبہ واپسی وظائف کے سکریٹری کی حیثیت سے نامزد کیا گیا۔ جس کی ذمہ داریاں انہوں نے ایک سال تک نہایت احسن طریقہ سے انجام دیں۔ اس کے بعد انہیں امریکہ جانا پڑا۔ میں اپریشن کے لئے کراچی پہنچا تو وہ پا در رکاب تھے میں اپنی بیماری کی وجہ سے اور موصوف اپنی روانگی کے انتظامات کی وجہ سے ایک دوسرے سے ملاقات نہ کر سکے جس کا مجھے بہرحال افسوس ہے۔ امریکہ میں نہ جانے کیا کشش ہے کہ اس نے پہلے جناب وجاہت حسین رضوی کو اور اب آغا احمد حسن کو ہم سے چھین لیا ہے۔ آغا صاحب کے مستعفی ہونے کے بعد ممتاز شاعر' ادیب اور سماجی کارکن جناب سید سعید عالم زیدی (لاہور) کارکن کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے ہیں ان کا خیر مقدم کرتا ہوں کہ اور یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ اپنی دوسری قومی مصروفیات میں سے کچھ وقت انجمن ہذا کے لئے بھی نکال سکیں گے۔ ان سے بہت سی توقعات ہیں۔

۱۳۔ گولڈن سرٹیفکیٹس گذشتہ سال اجلاس میں گولڈن سرٹیفکیٹس کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لئے سرمایہ کاری کمیٹی قائم کی گئی تھی جس کا اجلاس ۲۳ اپریل ۹۲ء کو منعقد ہوا اور درج ذیل فیصلہ کیا گیا براہ کرم اس کی توثیق کرنے کی زحمت کی جائے۔

سرمایہ کاری کمیٹی کی میٹنگ جناب شیخ نیاز احمد صاحب کی زیر صدارت بمقام ۲۳۰ جہانزیب بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور منعقد ہوئی۔ راقم الحروف نے تلاوت کا شرف حاصل کیا۔ اجلاس میں جناب ڈاکٹر حسن عسکری رضوی' جناب سید ضیاء حیدر رضوی' سید محمد تقی قائم مقام جنرل سکریٹری اور راقم الحروف نے شرکت کی جناب ذوالفقار علی صاحب نے ہمارے آڈیٹرز میسرز شیخ اینڈ چوہدری چارٹرڈ اکاؤنٹس لاہور کی جانب سے بحیثیت ممبر شرکت فرمائی جناب خلیفہ سید غلام السیدین بوجہ علالت تشریف نہ لا سکے تھے۔ اجلاس میں متفقہ طور پر طے پایا۔

ا۔ کہ انجمن کی جملہ قابل سرمایہ کاری رقم آئندہ صرف فیڈرل انویسٹمنٹ بانڈز میں لگائی جائے۔

۲۔ N.D.F.C سے جو گولڈن سرٹیفکیٹس مالیتی/۲۵۲۰۰۰۰ روپے برائے پانچ سال خرید کئے گئے تھے انہیں اس وقت کیش نہ کرایا جائے بلکہ پانچ سالہ میعاد ختم ہونے پر کیش کرایا جائے کیونکہ اس وقت کیش کرانے سے انجمن کو خاصا نقصان ہو گا۔

۳۔ یہ کہ مذکورہ گولڈن سرٹیفکیٹس این ڈی ایف سی کے کراچی آفس سے خرید کئے گئے تھے۔ اس وقت انجمن کا مرکزی دفتر کراچی میں تھا اب چونکہ انجمن کا مرکزی دفتر لاہور میں منتقل ہو چکا ہے۔ اس لئے مذکورہ گولڈن سرٹیفکیٹس جاری کردہ این ڈی ایف سی شاہین کمپلیکس برانچ کراچی کو مال روڈ برانچ لاہور میں منتقل کرا لیا جائے۔ جس کو جناب سید ابرار حسین شیرازی جنرل سکریٹری' جناب سید ضیاء حیدر رضوی سکریٹری فنانس یا سید محمد تقی بطور اسسٹنٹ سکریٹری لین دین کریں گے۔ مذکورہ گولڈن

سرٹیفکیٹس کو لاہور میں منتقل کرانے کے سلسلہ میں جناب سید ضیاء حیدر صاحب رضوی نے کوشش کرنے کا وعدہ فرمایا (جس کا ایفا کیا گیا) چنانچہ گولڈن سرٹیفکیٹس این ڈی ایف سی لاہور کے دفتر نے ۲۲ ستمبر ۹۲ء کو جاری کر دیئے ہیں۔

۲۰۔ انجمن کے ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ سالانہ اجلاس کارکن کمیٹی میں فیصد کے حساب سے کیا جاتا رہا ہے۔ لیکن تنخواہ میں اضافہ کرتے وقت اس میں بنیادی تنخواہ اور دیگر الاؤنس کا علیحدہ تعین نہیں کیا جاتا چونکہ بعض ملازمین انجمن سارا سال استحقاقی چھٹی حاصل نہیں کرتے ہیں۔ اور دستور العمل کی دفعہ ۲۰ کے مطابق وہ اس چھٹی غیر حاصل شدہ کے عوض تنخواہ حاصل کر سکتے ہیں لیکن ایسی ادائیگی تنخواہ میں انہیں سفری الاؤنس نہیں دیا جاسکتا ہے۔ اس لئے یہ طے پایا کہ جملہ ملازمین کی موجودہ تنخواہ میں دس فیصد سفری الاؤنس مقرر کر دیا جائے جس کی حد تین سو روپے ہوگی۔ اور بقایا بنیادی تنخواہ تصور کی جائے جو ملازم غیر حاصل کردہ استحقاقی چھٹی کی بابت تنخواہ لینا چاہے اس کو صرف بنیادی تنخواہ ادا کی جائے اور اس عرصہ کا سفری الاؤنس نہ دیا جائے۔

۲۱۔ کیلنڈر ۱۹۹۳ء گذشتہ دو سال سے انجمن ہذا کے کیلنڈر میسرز غلام علی پرنٹرز فیروز پور روڈ لاہور کے فراخدلانہ تعاون کی وجہ سے "نہ نفع نہ نقصان" کی بنیاد پر شائع کئے جا رہے ہیں سچ تو یہ ہے کہ اگر ہمارے پرنٹرز ایثار و قربانی سے کام نہ لیتے تو اتنی کم قیمت پر کیلنڈر شائع کرنا ممکن نہیں تھا۔ اس سلسلہ میں ہم ارشد نیاز شیخ صاحب کے شکر گزار ہیں۔ خداوند تعالیٰ انہیں اجر جزیل عطا کریں۔ ۱۹۹۲ء کا کیلنڈر ۸۰۰۰ کے بجائے دس ہزار کی تعداد میں شائع کیا گیا تھا۔ لیکن پھر بھی اہم متعدد معاونین کرام کو ان کی مطلوبہ تعداد میں کیلنڈر فراہم نہ کر سکے۔ جس کے لئے ہم بہرحال معذرت خواہ ہیں۔

۱۹۹۳ء کا کیلنڈر طباعت کے لئے جا چکا ہے۔ امید ہے کہ سالانہ اجلاس سے پہلے چھپ کر منظر عام پر آجائے گا۔ اب کی بار اسے تیرہ ۱۳ ہزار کی تعداد میں شائع کیا جا رہا ہے۔ میسرز غلام علی پرنٹرز لاہور نے اپنی گذشتہ روایات کے مطابق بھرپور تعاون اور ایثار کا یقین دلایا ہے۔ کاغذ و طباعت کی گرانی کے باوجود کیلنڈر کی قیمت میں بہت معمولی اضافہ کیا گیا ہے اور ۱۹۹۳ء کے کیلنڈر کی قیمت چھ روپے فی کیلنڈر مقرر کی گئی ہے۔ محصل اور سفیر حضرات کی دیرینہ خواہش کے پیش نظر ایک کیلنڈر کا کمیشن پچاس پیسہ سے بڑھا کر ایک روپیہ فی کیلنڈر کر دیا گیا ہے۔ جس کی توثیق فرمائی جائے۔

اب کی بار کیلنڈر کاظمین عراق میں واقع حضرت امام موسیٰ کاظم اور امام محمد تقی علیہما السلام کے روضہ اقدس کے خوبصورت و دیدہ زیب عکس سے مزین ہے۔ یہ نادر تصویر ہمیں علاقائی سیکرٹری راولپنڈی جناب سید ضیاء الحسن صاحب نقوی کی وساطت سے گذشتہ سال اس وقت موصول ہوئی تھی جب کیلنڈر چھپنے کے لئے جا چکا تھا۔ بہرحال اسے اب شائع کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ یہ تصویر جناب ڈاکٹر ایس۔ اے۔ حسین صاحب اسلام آباد نے ۱۹۶۷ء میں اپنے کیمرے سے بنائی تھی جس کے لئے ہم ان کے صمیم قلب سے سپاس گزار ہیں۔ توقع ہے کہ انشاء اللہ اس سال بھی ہمارے

کینیڈا کو قبولیت عام کی سند حاصل ہوگی۔

۱۵۔ بیرون پاکستان انجمن کا قیام خداوند متعال کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ انجمن ہذا کو ۱۹۱۳ء سے ایسے بے شمار حضرات کی سرپرستی کا شرف حاصل رہا ہے۔ جنھوں نے اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ انجمن کی فلاح و بہبود کے لئے وقف کر رکھا ہے۔ جزاکم اللہ ایسے حضرات میں ایک صاحب جناب سید وجاہت حسین رضوی سابق ممبر کار کن کمیٹی حال مقیم امریکہ ہیں۔ انھوں نے امریکہ و کینیڈا میں انجمن کی تشکیل فرمائی ہے۔ جس کا دستور العمل وغیرہ کا نمونہ آپ کی خدمت میں اگست کے مہینے میں ارسال کرنے کی سعادت حاصل کی گئی تھی۔ اس سلسلہ میں آپ اپنی گرانقدر رائے سے سرفراز فرمائیں۔

صدر محترم کی تحریک پر جناب علی رضا صاحب زیدی نے مسقط میں انجمن ہذا کے مقامی سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کے لئے رضامندی ظاہر کردی ہے۔ انشاء اللہ اس تقرری کے بھی خوشگوار نتائج برآمد ہوں گے۔

۱۶۔ مجلس عزا کا انعقاد خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے انجمن اپنی سنہری زندگی کے ۸۰ سال مکمل کر رہی ہے جس پر ہم بجا طور پر فخر کرسکتے ہیں۔ لیکن ذرا سوچئے کہ جن بے شمار حضرات کے ایثار' قربانی' انتھک مساعی' مالی امداد' دامے درمے' قدمے سخنے اعانت سے ۱۹۱۳ء سے اب تک یہ انجمن زندہ و تابندہ ہے اور ان میں سے اکثر حضرات آج ہم میں موجود نہیں ہیں۔ لیکن ان کا خون اس کی تزئین' آرائش اور ترقی و استحکام میں شامل ہے۔ کیا ان کا ہم پر کوئی حق نہیں ہے؟ زیادہ نہ سہی کم از کم سال میں ایک مرتبہ ہی ہم ان کی یاد منالیا کریں۔ یقیناً" سالانہ اجلاس کی ابتداء میں جملہ مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی جاتی ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس سے ایک قدم اور آگے بڑھ کر انجمن کے جملہ مرحوم متعلقین کے ایصال ثواب کے لئے سالانہ قرآن خوانی اور مجلس عزا کا ضرور اہتمام کرنا چاہیے۔ مجھے جہاں تک یاد ہے کہ کراچی میں ایک دو بار مجلس عزا کا انعقاد کیا گیا تھا لیکن اس کے بعد یہ روایت برقرار نہ رہ سکی۔ انشاء اللہ اب کی بار سالانہ اجلاس کے موقع پر مجلس عزا کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ تاکہ ہم اپنے ان محسنین انجمن کی خدمت میں حقیر نذرانہ عقیدت پیش کرسکیں۔

۱۷۔ بی سی سی آئی فاؤنڈیشن بی سی سی آئی فاؤنڈیشن کراچی نے انجمن کی خدمات کے پیش نظر اچھی سالانہ امداد مبلغ ایک لاکھ روپے بحال کردی ہے۔ چنانچہ ۹۲-۱۹۹۱ء کے دوران انھوں نے مبلغ دو لاکھ روپے کی خطیر رقم ارسال فرمادی ہے۔ توقع ہے کہ یہ سلسلہ انشاء اللہ ہمیشہ جاری رہے گا۔ اس نوازش بے پایاں کے لئے ہم فاؤنڈیشن کے جملہ اراکین کے شکرگزار ہیں۔

۱۸۔ سپاس بے قیاس میسرز ویگم ٹریڈرز کراچی' میسرز حبیب چیری ٹیبل ٹرسٹ کراچی' میسرز

گوکل فاؤنڈیشن کراچی' میسرز دیر کارپوریشن کراچی' میسرز سر مراتب علی ٹرسٹ لاہور۔ میسرز الرضا گارمنٹس لاہور ایسے اداروں نے اپنی سرپرستی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ۹۲-۱۹۹۱ کے دوران بھی گران قدر عطیات سے نوازا۔ جزاکم اللہ۔ علاوہ ازیں وہ تمام کرم فرما بھی ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے انفرادی حیثیت سے عطیات عطا فرمائے جن میں درج اسماء خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ جناب جنرل سید سہیل عباس صاحب جعفری راولپنڈی' جناب جنرل سید سرفراز حسین صاحب ہمدانی راولپنڈی' محترمہ ذکیہ بیگم صاحبہ لاہور' مسز ایس حسین صاحبہ کراچی' محترم ثروت علی صاحب کراچی' جناب محمد صمد علی صاحب اور بیگم حلیمہ صمد صاحبہ کراچی' جناب سید محمد سعید صاحب عابدی (امریکہ) کراچی' جناب سید اصغر علی شاہ صاحب اسلام آباد' محترم بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) سید محمود حسین صاحب' محترمہ ڈاکٹر سلمیٰ حق صاحبہ کراچی' محترمہ ڈاکٹر سیدہ کنیز عباس صاحبہ (لندن) کراچی' جناب کوثر زیدی صاحب کراچی شرقی' جناب سید عاقب حسین صاحب نقوی کراچی شرقی' محترم اطہر حسین صاحب کراچی' محترمہ بیگم ممتاز مرزا صاحبہ (کینیڈا) لاہور' جناب سید مہتاب حسین صاحب عابدی (لندن) راولپنڈی اور جناب آغا یوسف حسین صاحب کراچی۔

۱۹۔ **انٹرنل آڈٹ** کئی برس سے انٹرنل آڈٹ کا مسئلہ لاینحل چلا آرہا تھا۔ کراچی میں جناب سید بشیر حسنین صاحب نقوی مرحوم اپنی مساعی جمیلہ کے باوجود انٹرنل آڈٹ کروانے میں کامیاب نہ ہوئے دو سال سے ہم لاہور میں کوشاں رہے اور اس سلسلہ میں ہم نے انجمن کے سابق چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جناب نسیم اے سید' موجودہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس میسرز شیخ اینڈ چوہدری اور جناب سید ضیاء حیدر رضوی میسر اکرم نیکس سے آڈیٹر فراہم کرنے کی درخواست کی لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ خدا کا شکر ہے کہ ایک نہایت تجربہ کار اڈیٹر کا بندوبست ہوگیا ہے۔ اور گزشتہ ماہ سے کام شروع کر دیا گیا ہے۔ سردست ۹۰-۱۹۸۹' ۱۹۹۱-۱۹۹۰ اور ۹۲-۱۹۹۱ کا انٹرنل آڈٹ کروایا جائے گا۔ اور آئندہ کوشش کی جائے گی کہ ہر ماہ انٹرنل آڈٹ کے بعد آمد و خرچ کی رپورٹ ماہنامہ وظیفہ لاہور میں شائع کی جاتی رہے۔ وما توفیقی الا باللہ

۲۰۔ **فوٹو کاپی مشین** صدر انجمن جناب سید سبطین صادق صاحب نقوی نے گزشتہ سال یہ خوشخبری سنائی تھی۔ کہ انجمن کے استعمال کے لئے فوٹو کاپی مشین خریدنے کے لئے مبلغ بیس ہزار روپے کا عطیہ مل سکتا ہے۔ چنانچہ کراچی کے ممتاز و مخیر تاجر آغا تجمل حسین کے والد گرامی جناب آغا یوسف حسین صاحب نے صدر انجمن کی درخواست پر مبلغ پچیس ہزار روپے کا گرانقدر عطیہ مارچ ۱۹۹۲ء میں عطا فرما دیا چنانچہ ستمبر ۱۹۹۲ء کو نئی مشین خرید لی گئی ہے۔ جس سے خاصی بچت اور سہولت ہوگئی ہے۔ آغا صاحبان اس نوازش کے لئے ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں۔

۲۱۔ انکم ٹیکس کے معاملات کراچی سے لاہور دفتر منتقل ہونے کے بعد ہماری انجمن کے انکم ٹیکس سے متعلق معاملات کی ذمہ داری میسرز رضوی اینڈ رضوی لاہور کے سپرد ہے جسے وہ نہایت حسن و خوبی کے ساتھ بلا معاوضہ انجام دے رہے ہیں۔ جس کے لئے ہم جناب سید ضیاء حیدر صاحب رضوی فنانس سکریٹری انجمن ہذا کے شکر گزار ہیں۔

میسرز شیخ اینڈ چوہدری چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لاہور نے ۹۱-۱۹۹۰ میں ہمارے حسابات کا آڈٹ کیا تھا۔

سال ۹۲-۱۹۹۱ کے حسابات کا آڈٹ بھی انہوں نے کیا ہے۔ یقیناً" وہ اپنی بلا معاوضہ خدمات کے لئے ہمارے بہترین شکریہ کے مستحق ہیں۔ جس کا تحریری شکریہ بھی ادا کیا جارہا ہے۔

کمپیوٹر گزشتہ سال نومبر میں جناب سید ضیاء حیدر صاحب رضوی کی وساطت سے کمپیوٹر کو ہینڈل کرنے کے لئے ایک اہلکار کی خدمات حاصل کی گئی تھیں۔ دو چار مہینے اس نے کام بھی کیا لیکن کام تسلی بخش نہ ہوا۔ پھر گرمیاں شروع ہو گئیں۔ تو کمرہ ائیر کنڈیشنڈ نہ ہونے کی وجہ سے کمپیوٹر کی کارکردگی خاصی متاثر ہوئی چنانچہ کمپیوٹر آپریٹر کو ملازمت سے الگ کر دیا گیا۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ کمپیوٹر کے سلسلہ میں ہم خود یہ نہیں جانتے ہیں کہ اس سے کس قسم کا کام لیا جاسکتا ہے۔ اس لئے بھی کماحقہ' نتائج حاصل نہ کئے جاسکے۔

۲۲۔ متفرقات (الف): مرکزی دفتر کے استعمال کے لئے ایک سائیکل خرید کرنے کی اجازت دی جائے

(ب): عطیات دہندگان کی فہرست سالانہ رپورٹ میں شائع ہوتی ہے جس میں پچاس روپے سے کم عطیہ دہندگان کے نام شائع نہیں کیے جاتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ حد ۱۰۰ روپے مقرر کی جائے تو مناسب ہوگا۔

(ج): ۹۲-۱۹۹۱ کے دوران درج ذیل حضرات نے ایسے اخراجات کئے ہیں۔ جن کی دستور العمل میں گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے ان کی منظوری کی استدعا ہے۔

علاقائی سکریٹری۔ کراچی:

۱۔ بحوالہ فرد حساب ماہ ستمبر ۹۱ء موصولہ اکتوبر ۹۱ء مقامی رپورٹ ۹۱-۹۰ کی طباعت پر مصارف کیے گئے ۲۳۰۰ روپے

۲۔ " " " " اکتوبر ۹۱ء موصولہ نومبر ۹۱ء = فیس وکیل مقدمہ مکان انجمن ۱۸۱/۸۵ میسرز حسین اینڈ حیدر ایڈوکیٹس کراچی ادا کی گئی ۱۵۰۰ روپے

۳۔ بحوالہ فرد حساب نومبر ۹۱ء موصولہ جنوری ۹۲ء = حسب الحکم صدر محترم میسرز سلیم پرنٹنگ پریس کراچی کو طباعت و اشاعت کے دو بل ادا کئے گئے ۳۷۳۰ روپے

۴۔ صدر محترم کو ڈاک ٹکٹ فراہم کئے گئے ۱۵۰۰ روپے

۵۔ بحوالہ فرد مذکورہ غلام محمد کے خلاف کیس ۱۹۸۸/۲۹۳ کے لئے وکیل انوار محمد صدیقی صاحب کو ادائیگی کی گئی ۳۰۰۰ روپے

۶۔ بحوالہ فرد حساب دسمبر ۹۱ء موصولہ فروری ۹۲ء صدر محترم کو ڈاک ٹکٹ فراہم کئے گئے ۱۳۰۰ روپے

۷۔ " " " " " " " VRG-70 کاغذ کے سات پیکٹ خرید کئے گئے ۹۳۳ روپے

۱۔ بلو فروخت جنوری ۹۲ء و فروری ۹۲ء میسرز انوار ایم صدیقی ایڈووکیٹس کو ادائیگی کی گئی — ۲۵۰۰ روپے

۲۔ " " " فروری ۹۲ " اپریل ۹۲ء انجمن کے فون کو STD کرانے کی فیس جمع کروائی — ۵۰۰ روپے

۳۔ " " " مئی ۹۲ء " جون ۹۲ء = دستور العمل کی کتابت کی اجرت ادا کی گئی۔ — ۵۰۰ روپے

کل مصارف = ۱۷۷۶۳ روپے

علاقائی سکریٹری۔ راولپنڈی:

۱۔ بحوالہ حساب ماہ مئی، جون موصولہ جون ۹۲ء = انجمن کی نام سے پیڈ طبع کرائے گئے = ~~۲۰۰~~ ۳۰۰ روپے

مقامی و غیر مقامی ٹیلی فون کالز — ۲۲۰۶۵۰ ~~۳۳۰۶۵۰~~ روپے

کل مصارف = ۹۳۰۶۵۰ روپے

مقامی سکریٹری۔ ضلع شرقی۔ کراچی:

۱۔ حساب موصولہ نومبر ۹۱ء = انجمن کے ۳۰۰۰ پوسٹر زیارت تابوت پر تقسیم کے لئے طبع کروائے گئے — ۵۳۰ روپے

۲۔ " " " فروری ۹۲ء = ۱۰۰۰ سالانہ مقامی رپورٹ اور ۵۰۰۰ پوسٹ کارڈ طبع کروائے گئے — ۲۲۶۵ روپے

۳۔ " " " اپریل ۹۲ء = ۴۰۰ عدد محفل سحر و افطار کی طباعت و ترسیل اور /۷۰ روپے کی سٹیپل مشین پر مصارف ہوئے — ۲۹۵۱ روپے

۴۔ " " " " اخراجات کتابت، بشمول عید کارڈز اور ڈاک خرچہ رجسٹری — ۲۸۷ روپے

۵۔ " " جون ۹۲ء = تین ماہ کا بجلی ۵۰ روپے ماہوار اور خرید ایک عدد وال کلاک مالیتی ۱۷۵ — ۳۲۵ روپے

کل مصارف = ۵۷۵۸ روپے

سکریٹری شعبہ واپسی وظائف۔ کراچی

۱۔ بحوالہ فرد حساب مئی ۹۲ء موصولہ جون ۹۲ء۔ اخراجات کورٹ بابت مقدمہ انجمن بنام ریکائی ۸۵/۱۸۰ — ۱۸۵۶۹۵ ~~۱۸۵۶۹۵~~ روپے

۲۔ " " " " فروری ۹۲ء و اپریل ۹۲ء بحسب الحکم صدر محترم بابت اپیل و استصواب — ~~۷۸۰۰۰~~ روپے

کل مصارف = ۹۶۵۶۹۵ ~~۹۶۵۶۹۵~~ روپے

علاقائی دفتر کراچی عرصہ دراز سے اپنی سالانہ رپورٹ الگ سے شائع کر رہا ہے۔ گزشتہ سال یہ رپورٹ مقامی دفتر ضلع شرقی کراچی نے بھی شائع کی ہے۔ میں نے ہر دو حضرات کی خدمت میں درخواست کی ہے کہ وہ اپنی اپنی رپورٹ مرکزی دفتر کو بھیج دیا کریں تاکہ انہیں ماہنامہ میں شائع کر کے مطلوبہ تعداد میں انہیں فراہم کر دیا جائے اس صورت میں ان کی کارکردگی سے نہ صرف اہلیان کراچی بلکہ پاکستان بھر میں ہمارے ہزاروں قارئین آگاہ ہو سکیں گے۔ مناسب فیصلہ کی زحمت فرمائی جائے۔

۲۴۔ زکوٰۃ فطرات اور صدقات کا مصرف:

اس مد میں ہمارے پاس ۳۰ جون ۱۹۹۲ء تک سادات کے لئے مبلغ /۹۳۴۳۳۳ روپے اور غیر سادات کے لئے /۲۵۷۱۵

روپے ہیں۔ جنہیں طلاب علوم دینی میں ناقابل واپسی تقسیم کیا جارہا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک فتویٰ ہمارے ہاں پہلے سے موجود ہے۔ جس میں اس کی اجازت دی گئی ہے۔ روئداد اجلاس سالانہ منعقدہ ۲۷ اکتوبر ۱۹۸۹ مطبوعہ ماہنامہ انجمن وظیفہ جنوری ۱۹۹۰ صفحہ ۳۰) لیکن ظاہر ہے اس کی تقسیم میں سادات و غیر سادات کے امتیاز کا بہر حال خیال رکھا جائے گا۔ جس کے بارے میں دفتر کو ضروری ہدایات دے دی گئی ہیں۔ یاد رہے کہ یہ فتویٰ عالی جناب ڈاکٹر سید اجمل حسین صاحب رضوی (سابق صدر انجمن) راولپنڈی کے ایک استفسار کے جواب میں موصول ہوا تھا۔

ہم اس بات سے انکار نہیں کرسکتے ہیں کہ دینی تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کا تعلق اکثر و بیشتر انتہائی غریب گھرانوں سے ہوتا ہے۔ کوئی بھی امیر' رئیس' صاحب حیثیت' متمول شخص اپنے بچوں کو دینی تعلیم دلانا پسند نہیں کرتا ہے۔ سرکار رئیس الحفاظ علامہ حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ طاب ثراہ (سرکار مرحوم متعدد مرتبہ انجمن کے صدر کے عہدہ جلیلہ پر فائز رہے) علامہ محمد بشیر انصاری مرحوم ایسے بے شمار علماء کرام جو آسمان علم و عمل پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے کون نہیں جانتا کہ غریب گھرانوں کے ہی چشم و چراغ تھے۔ مجھے ابھی اس مختصر سی رپورٹ میں علم دین کی فضیلت پر گفتگو نہیں کرنا ہے۔ لیکن اتنا کہنے کی ضرور اجازت چاہوں گا کہ طلاب علوم دینیہ کی فضیلت کے بارے میں حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے شمار احادیث مبارکہ اور حضرات آئمہ معصومین علیہم السلام کے ان گنت ارشادات عالیہ موجود ہیں۔ متفق علیہ حدیث کی روشنی میں کس دنیوی شعبہ تعلیم میں کمال حاصل کرنے والے کے لئے نہیں بلکہ علماء عظام کو بنی اسرائیل کے انبیا کے مثیل قرار دیا گیا ہے۔ موت العالم موت العالم اور اذامات العالم ثلمۃ فی الاسلام لا یسدھا شئی۔ عالم کی موت عالم کی ہے اور عالم کی موت سے عالم اسلام میں ایسا خلاء واقع ہو جاتا ہے۔ جسے کوئی چیز پر نہیں کرسکتی۔ علماء کرام کی فضیلت میں ہی کہا گیا ہے۔ طلاب علوم دینی کی امداد ہمارا شرعی فریضہ اور ان کا حق ہے۔ یقیناً" وہ کل فارغ التحصیل ہوکر تعلیمات سرکار محمد وآل محمد علیہم السلام کی ترویج کریں گے اور میں نہیں سمجھتا کہ وہ فارغ التحصیل ہوکر اپنی محسن انجمن کو فراموش کردیں گے۔ انشاء اللہ ان میں سے اکثر علامہ حافظ کفایت حسین اعلیٰ اللہ مقامہ' علامہ مرزا یوسف حسین لکھنوی اعلیٰ اللہ مقامہ اور علامہ مفتی محمد احمد سونی پتی طاب ثراہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے انجمن کے ممد و معاون ہوں گے۔ ایک اور بات معزز اراکین کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی تک ہم نے ان مدات کے حصول کے لئے بھی کوئی اپیل نہیں کی۔ مومنین کرام انجمن کی ساکھ پر اعتماد کرتے ہوئے خود اختیاری طور پر ایسی رقوم ارسال کرتے رہے ہیں۔ لیکن اب جبکہ حصول وظائف کے لیے ہر شعبہ میں درخواستوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے۔ ہمیں ان رقوم کے حصول کے لئے بھی اپیل کرنی چاہیے۔ انشاء اللہ قوم ہمیں مایوس نہیں کرے گی۔ راولپنڈی کے بعض احباب نے طلاب علوم دینیہ کی امداد کرنے کی مخالفت کی ہے۔ مجھے تو ان حضرات کی خدمت میں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ کبھی وہ مرکزی دفتر میں تشریف لائیں اور ان بیوہ عورتوں اور یتیم بچوں کے خطوط ملاحظہ فرمائیں جو نان شبینہ کے محتاج اور ہماری مدد کے طلب گار ہیں۔

اسکولوں اور کالجوں میں شیعہ بچوں (حالانکہ میری معلومات کے مطابق حکومت کی جانب سے اس پر کوئی پابندی نہیں ہے) کو زکوٰۃ کی مد سے وظائف نہیں دیئے جاتے ہیں اور اگر ہم نے بھی یہ سلسلہ بند کردیا تو ان ضرورت مند بچوں کی

مد کون کرے گا۔ سوچنے کی بات ہے؟

۲۵۔ دستور العمل کے مطابق انجمن کا دفتر ہفتہ وار تعطیل کے علاوہ چہلم حضرت سید الشہداء" جشن میلاد امام زمانہ" عید میلاد النبیؐ (۱۷ ربیع الاول)۔ ۱۳ رجب ایسی تاریخوں پر بھی بند رہتا ہے جس سے انتظامی لحاظ سے خاصی دقت ہوتی ہے۔ اس کی مثال کچھ یوں ہے کہ جس دن تمام سرکاری دفاتر اور بنک وغیرہ بند ہوتے ہیں ہمارا دفتر کھلا ہوتا ہے اور جس کھلے دن ہوتے ہیں ہمارا دفتر بند رہتا ہے۔ یہ مسئلہ بھی آپ کی توجہ کا طالب ہے۔

۲۶۔ دستور العمل کی دفعہ ۲۷ (ب) کے مطابق ملازمین انجمن کو کم از کم پندرہ سال ملازمت کرنے کے بعد سبکدوشی کے وقت ہر سال کے عوض ایک ماہ کی تنخواہ بطور انعام ملے گی جس کا تعین ان کی آخری اور سالانہ اوسط تنخواہ کی بناء پر ہوگا۔ ۳۰ جون ۱۹۹۲ء کو شعبہ نشرواشاعت کے کلرک جناب عبدالرزاق صاحب رضا ہاشمی پندرہ سال سے زائد (۲۵ سال) ملازمت کے بعد سبکدوش ہوئے ہیں۔ ان کی انعامی تنخواہ کی رقم=/۱۷۵ ۳۳ روپے بنتی ہے۔ ادائیگی کی اجازت دی جائے۔ یاد رہے کہ روئداد ۱۹۷۰ء کے مطابق یہ دفعہ حذف کر دی گئی تھی لیکن وہ ملازمین جو ۹ اکتوبر ۱۹۷۰ء کو انجمن کی ملازمت میں تھے انہیں اس تنسیخ سے مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا۔

۲۷۔ مرکزی دفتر کے کسی دوسرے شہر میں منتقلی کی صورت میں ملازمین انجمن اور اگر کسی ملازم کو انجمن کے کسی کام کے لئے باہر بھیجا جائے تو دفعہ ۶۱ اور ۶۱ الف میں سفر خرچ کے سلسلہ میں بھی ترمیم کی ضرورت ہے۔

۲۸۔ مقامی دفتر ضلع شرقی کراچی کے لئے مبلغ/۳۰۰۰ روپے مالیت تک کا فرنیچر خریدنے کی منظوری دی گئی تھی۔ اس کی توثیق کی درخواست ہے۔

۲۹۔ ایجنڈے کے ہمراہ ہر سال اراکین کمیٹی کو وظیفہ داران کی فہرستیں بھیجی جاتی ہیں۔ پہلے تو طلباء طالبات کی تعداد کم ہوا کرتی تھی ان فہرستوں کے بھیجنے کا کوئی جواز بھی تھا لیکن اب جبکہ طلباء کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے ان فہرستوں کو ایجنڈے کے ہمراہ بھیجنے سے اسٹیشنری' وقت' ڈاک کے اخراجات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ تجویز ہے کہ صرف گوشوارہ وظیفہ داران جدید/تجدید ایجنڈے کے ہمراہ ارسال کیا جائے۔ یاد رہے کہ یہ فہرستیں ہر سال روئداد سالانہ اجلاس میں شائع ہوتی ہیں۔

۳۰۔ انجمن کے مجوزہ سکریٹریٹ کے بارے میں

میرے پیشرو مرحوم و مغفور جناب سید بشیر حسین صاحب نقوی آنریری جنرل سکریٹری کی رپورٹ (جو ۵ نومبر ۱۹۸۸ء کو کراچی میں منعقد ہونے والے اجلاس میں پیش کی تھی) کا ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیں۔

"انجمن کے کام کا زیادہ حصہ جنرل سکریٹری کے دفتر میں ہوتا ہے جنرل سکریٹری کے انتخاب کے بعد جنرل سکریٹری کا دفتر نو منتخب جنرل سکریٹری کی سکونت والے شہر میں منتقل ہوتا ہے۔ اس منتقلی میں دو دوراز مضمر ہیں۔ ایک تو یہ کہ ملک کے تمام علاقوں کے ممبران کو انجمن کے کاروبار میں حصہ لینے کا موقع ملتا ہے۔ دوسرے ایسے افراد کی خدمت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ جو جنرل سکریٹری کے فرائض کی ذمہ داری ذاتی منفعت کے بغیر قومی خدمت سمجھ کر کرنے پر آمادہ ہوں۔ ان منفعتوں کے ساتھ زبردست پریشانی یہ ہوتی ہے کہ دفتر کا بیشتر عملہ حالات حاضرہ سے مجبور ہو کر تبادلہ منظور

کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا اور ملازمت ترک کر دیتا ہے۔ اس لئے دفتر کی ہر تبدیلی پر نیا عملہ رکھنا پڑتا ہے۔ جو انجمن کے کام کاج اور اس کے طریقوں سے بالکل ناواقف ہوتا ہے۔ تین سال کے دوران میں یہ نیا عملہ کچھ سیکھتا ہے کہ دفتر کے کسی اور جگہ جانے کی تیاری ہو جاتی ہے۔ واضح رہے کہ انجمن کے کاروبار کے لئے بڑی حد تک تاریخی پس منظر سے واقفیت ضروری ہے طرفہ یہ کہ اکثر و بیشتر خود نو منتخب جنرل سکریٹری انجمن کے روزمرہ کے کام سے پورے طور پر واقف نہیں ہوتے۔

چند سال سے جب سے انجمن کے کام کو نزدیک سے دیکھنے اور غور کرنے کا موقع ملا ہے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ انجمن میں تین چوتھائی صدی سے جو طریق کار رائج ہے اس پر نظر ثانی کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انجمن کا کام نہ صرف حجم میں بڑھ رہا ہے۔ بلکہ اس کی نوعیت بھی زمانہ کے حالات کے ساتھ بدلتی جا رہی ہے۔ ظاہر ہے کوئی ادارہ جامد نہیں رہ سکتا۔ جلد یا بدیر بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر اسے اپنے طریق کار میں تبدیلی کرنی پڑے گی مرکزی دفتر کو اسی طرز پر چلانے پر مصر رہے تو بہتری کی امید نہیں رکھی جا سکتی۔ میری حقیر رائے میں اب یہ ضروری ہو گیا ہے کہ ممبران ذوی الاحترام اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور فرمائیں اور کوئی نئی راہ تلاش کریں مثلاً

(الف) کم از کم کراچی اور لاہور میں انجمن کے اپنے مستقل دفاتر بنائے جائیں۔

(ب) دستور العمل میں ایسی تبدیلی پر غور کیا جائے کہ جنرل سکریٹری کا دفتر مستقل طور پر ایک شہر میں رہے۔

(ج) دفتر کیلئے ضروری ساز و سامان اور مشینیں حاصل کی جائیں۔

(د) مرکزی دفتر کے آفس سکریٹری اور دیگر عملہ کیلئے ایک آفس مینوئل تیار کی جائے جس میں حتی الامکان تمام طریق کار منضبط ہوں۔ اگر ان باتوں میں کچھ وزن سمجھا جائے تو ممبران گرامی قدر سے دست بستہ التماس ہے کہ بانیان انجمن کے مقاصد اور نصب العین کو پیش نظر رکھتے ہوئے دستور العمل میں ضروری ترمیمات کرنے پر غور فرمائیں تاکہ انجمن کی کارکردگی بہتر ہو سکے دستور العمل کو جامد سمجھ لینا مفید ثابت نہیں ہوگا۔"

(روئداد اجلاس سالانہ ۱۹۸۸)

غالباً اس تجویز پر کوئی فیصلہ نہ ہو سکا۔ اس لئے مرحوم نے ۷ اکتوبر ۱۹۸۹ء کو لاہور میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس میں ایک بار پھر اپنی تجویز کو ان الفاظ میں دہرایا۔

"چار سال ہوئے میں نے کراچی اور لاہور میں مستقل دفاتر قائم کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے ممبران سے اس مسئلہ پر غور کرنے کی درخواست کی تھی۔ انجمن کا کام سال بہ سال بڑھتا جا رہا ہے۔ انجمن اپنے محدود ذرائع کے پیش نظر تعلیم یافتہ نوجوان افراد کو معقول معاوضہ پر ملازم نہیں رکھ سکتی اس کے علاوہ انجمن کے طریقہ کار کے مطابق ہر تیسرے سال جنرل سکریٹری کے انتخاب کے ساتھ دفتر ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل ہو جاتا ہے۔ ان ہی وجوہات کی بناء پر مقامی ریٹائرڈ حضرات ہی انجمن کی ملازمت قبول کرتے ہیں۔ دفتری تبدیلی کے ساتھ دفتر کا عملہ قلیل تنخواہ کی وجہ سے کسی دوسرے شہر جانے کے لئے تیار نہیں ہوتا اس لئے نیا عملہ رکھا جاتا ہے۔ جو انجمن کے کام اور طریق کار سے نابلد ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے کام میں گڑبڑ زیادہ ہوتی ہے۔ مرکزی دفتر کا ریکارڈ ہر طرح سے مکمل ہونا چاہیے۔ لیکن کچھ تو دفتر کی اس طرح وقتاً فوقتاً منتقلی اور کچھ نئے عملہ کی طریق کار سے ناواقفیت کی وجہ سے مرکزی دفتر کا

ریکارڈ بدنظمی کا شکار رہتا ہے۔ جیسا کہ گزشتہ سال عرض کیا گیا تھا میں کلدادا کراچی اور لاہور میں مستقل دفاتر کا قیام ہے۔ میں اپنی تجویز کی تکرار کرنے کی جرات کر رہا ہوں۔ اور اراکین کمیٹی میں سے قانون دان حضرات جو انجمن کے طریق کار سے واقفیت اور دفتری نظام میں بھی دسترس رکھتے ہوں درخواست ہے کہ جو وہ وقت کے تقاضوں کا خیال رکھتے ہوئے انجمن کے دستور العمل اور طریق کار میں ضروری تبدیلیاں کرنے پر غور فرمائیں۔ ایسا کرتے وقت لاہور اور کراچی مجوزہ مستقل دفاتر اور جنرل سکریٹری کے مابین اختیارات و فرائض کی نئی تقسیم اور روابط کا طریقہ دریافت کرنا ہوگا۔ ہندوستان میں ہماری اطلاع کے مطابق انجمن نے علی گڑھ میں مستقل دفتر قائم کرلیا ہے ہم نے ان کے طریقہ کار اور مستقل دفتر اور جنرل سکریٹری کے دفتر کے مابین تقسیم کار اور رابطہ کا طریقہ معلوم کرنے کے لئے خط لکھا ہوا ہے۔ تاحال جواب نہیں آیا تاہم رابطہ قائم رکھا جائے گا۔

(روئداد سالانہ اجلاس ۱۹۸۹ء)

جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے اس سال بھی مرحوم کی یہ تمنا صدا بصحرا ثابت ہوئی اور کوئی فیصلہ نہ ہوسکا۔ ۱۹۹۰ء کے اوائل میں میرے جنرل سکریٹری منتخب ہونے کی وجہ سے دفتر کراچی سے لاہور منتقل ہوا تھا۔ جناب سید بشیر حسین صاحب نقوی مرحوم دفتر کی منتقلی سے چند دن پہلے اللہ کو پیارے ہوگئے۔ جناب سید سبطین صادق صاحب نقوی صاحب اور جناب آغا احمد حسن صاحب کی کوششوں سے بعد از خرابی بسیار دفتر تو منتقل ہوا لیکن دفتر کا سامان ایک ٹرک میں بھوسے کی طرح بھر کر کسی پیشگی اطلاع کے بغیر لاہور بھیج دیا گیا۔ اتفاق سے میں ان دنوں راولپنڈی میں تھا۔ واپس پہنچا تو میرے گھر میں دفتر کا ریکارڈ بے ہنگم طریقے سے بکھرا پڑا تھا۔ ٹرک رات کے وقت پہنچا تو دفتر بند تھا۔ وہ وہاں سے میرے گھر گیا اور ڈرائیور ٹرک سے سامان اتار کر چلتا بنا۔ کراچی کے ملازمین میں کسی صاحب نے بھی ٹرک کے ہمراہ آنے کی زحمت نہ فرمائی ایک صاحب کئی دن کے بعد تشریف بھی لائے تو وہ اس وقت جب میں بہت حد تک حالات پر قابو پاچکا تھا۔

میں ۲ جنوری ۱۹۹۰ء کو سرکاری ملازمت سے ریٹائر ہوا۔ میرے پاس وقت تھا اور پھر دو سال تک جنرل سکریٹری رہنے کا پہلے سے اعزاز بھی حاصل رہا تھا۔ اس تجربہ کی وجہ سے میں نے جنوری سے مارچ ۹۰ء تک تین مہینوں میں نئے اسٹاف کے ساتھ مل کر دفتر کے نظام کو کسی نہ کسی حد تک درست کیا۔ میری دل کی بیماری کی وجوہات بھی ہوسکتی ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس کی ایک اہم وجہ یہ بھی تھی کہ اچانک مجھ پر اتنی بڑی ذمہ داری آپڑی تھی جس کے لئے مجھے سخت جدوجہد کرنا پڑی چنانچہ میری صحت بری طرح متاثر ہوئی اور اپریل کے شروع میں مجھے دل کا درد شروع ہوگیا۔ جو بالآخر دل کے بائی پاس اپریشن تک پہنچا۔ میرے کہنے کا مقصد خود ستائی نہیں بلکہ صرف یہ ہے کہ ہر تین سال یا چھ سال کے بعد ایک شہر سے دوسرے شہر میں دفتر کی منتقلی ایک بہت بڑی سردردی ہے۔ پہلے جب انجمن صرف چند طلباء کو وظائف دیا کرتی تھی تو یہ صورت کسی حد تک قابل برداشت تھی لیکن اب تو ماشاء اللہ انجمن کا کام بہت زیادہ بڑھ چکا ہے۔ ہمیں اس پر ٹھنڈے دل سے غور کرنا ہوگا وہ تجربہ جو کل ہند انجمن وظیفہ سادات و مومنین نے سترہ برس ہماری طرح ٹھوکریں کھانے کے بعد حاصل کیا ہے۔

(انجمن وظیفہ سادات و مومنین انڈیا کے آرگن پندرہ روزہ وظیفہ علی گڑھ کے ایڈیٹر اور کارکن کمیٹی کے رکن جناب

ایک نمبر سے عطیہ دس ہزار روپے کمیشن پہلے ۲۰۰ پر = ۲۰
باقی ۹۸۰۰ پر = ۹۸۰ کل = ۱۰۰۰ روپے

لیکن طے شدہ فیصلہ کے مطابق صرف ایک ہزار کمیشن دیا جائے گا۔ محصل حضرات کی خواہش ہے کہ دو سو روپے کے بعد ۱۰ فیصد کی شرح میں اضافہ کیا جائے۔ اور اس کی زیادہ سے زیادہ حد تو اس وقت ایک ہزار ہے میں بھی اضافہ کیا جائے۔

۳۲۔ فارم درخواست وظیفہ جدید درجہ اول تا ہشتم اور دینی تعلیم

گذشتہ کچھ عرصے سے درجہ یکم تا ہشتم اور دینی طلباء کو فیس وغیرہ سے وظائف کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ جس کے لئے درخواست وظیفہ فارم جدید ہی استعمال کیا جا رہا تھا۔ فیس سے وظائف کی ادائیگی میں شرعی امور کو پیش نظر رکھنا ضروری ہوا کرتا ہے۔ اس لئے اس امر کی شدید ضرورت تھی کہ فارم وظیفہ جدید میں مناسب ترمیم کی جائے چنانچہ میں نے ۲۱۔ مئی کو آپ حضرات کی خدمت میں نئے فارم کا مسودہ مرتب کرکے ارسال کرنے کی سعادت حاصل کی جس کے جواب میں جناب سید باقر رضا' جناب سید نجم الحسن بخاری' جناب شیخ محمد صدیق اور جناب سید ضیاء الحسن نقوی نے اپنے اپنے مشوروں سے نوازا جن کی روشنی میں نیا فارم مرتب کرکے شائع کر دیا گیا۔ اس فارم کا رنگ بھی تبدیل کیا گیا ہے۔ تاکہ اسے امتیازی حیثیت حاصل رہے۔ ظاہر ہے کہ یہ فارم صحیفہ آسمانی نہیں ہے۔ اگر اب بھی آپ محسوس کرتے ہیں۔ کہ اس میں کسی قسم کی تبدیلی کی ضرورت ہے تو اپنی گرانقدر رائے سے سرفراز فرمایئے تاکہ دوبارہ اشاعت کی صورت میں اس سے استفادہ کیا جائے۔

۳۳۔ وظائف کی ادائیگی کا طریقہ کار

اس سال کے دوران میں یہ شکایت عام طور پر پائی گئی کہ روئداد میں کسی طالب علم کا نام تلاش کرنے میں خاصی وقت ہوتی ہے۔ وہ ایک احباب سے اس سلسلہ میں مشورہ بھی طلب کیا گیا لیکن کامیابی نہ ہوئی بہرحال قائم مقام جنرل سکریٹری جناب الحاج سید محمد تقی ایڈوکیٹ کے مشورہ کے بعد درج ذیل طریقہ کار اپنایا گیا ہے۔

۹۳۔۱۹۹۲ء کے لئے وظیفہ جدید کی درخواست موصول ہوتے ہی طالب علم کو وظیفہ نمبر الاٹ کر دیا جاتا ہے۔ اور ایک چٹھی کے ذریعہ اس کو وظیفہ نمبر سے آگاہ کرتے ہوئے مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ اس کی درخواست پہنچ گئی ہے جسے سالانہ اجلاس میں منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی درخواست نامکمل ہونے کی صورت میں طالب علم سے مطلوبہ دستاویزات طلب کر لی جاتی ہیں۔ تاکہ درخواست کی منظوری کی صورت میں وظیفے کی ادائیگی میں تاخیر نہ ہو۔ اس کے ساتھ ہی اسی چٹھی میں اسے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ وظیفہ کی ادائیگی ۳۱ مئی ۱۹۹۳ء تک بشرط منظوری کر دی جائے گی۔ اس سے قبل وہ خط وکتابت میں اپنا ہمارا وقت ضائع نہ کرے۔ اس سے پہلے طالب علم اندھیرے میں رہتا تھا۔ اور سال بھر اس کی جانب سے خطوط ملتے رہتے تھے۔ نیا طریقہ اپنانے سے توقع ہے کہ دفتری کام کا بوجھ بھی نسبتاً کم رہے گا۔

سید مرتضیٰ حسین بلگرامی کے ایک حالیہ مکتوب کا عکس برائے ملاحظہ منسلک ہے۔)

ہمیں اس سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے چوالیس سال کے بعد ہی سہی پاکستان کے کسی ایک شہر میں مستقل دفتر قائم کرنا چاہیے۔ نومبر۱۹۹۰ء میں مجھے آپریشن کے لئے کراچی جانا پڑا تو اس موضوع پر صدر محترم سے تبادلہ خیال کرنے کا موقع ملا۔ میں نے اپنی علالت کی بناء پر ان کی خدمت میں استدعا کی کہ وہ کراچی اور دیگر شہروں کے اہل الرائے حضرات سے رابطہ قائم کرکے اس تجویز کے بارے میں مشورہ کرنے کی زحمت فرمائیں۔ چنانچہ انہوں نے انجمن سے متعلقہ بعض حضرات کے نام ایک سرکلر لیٹر جاری کیا جس کے جواب میں متعدد حضرات نے اس تجویز کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا ہے۔ بہرحال صدر محترم کی وہ تحریر تجویز کی صورت میں آپ کے سامنے اسی اجلاس میں پیش کی جارہی ہے۔ اس پر مناسب فیصلہ کا اختیار آپ کو حاصل ہے۔

ہمارے ایک معزز و محترم رکن نے اس گشتی چٹھی پر اپنے رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے یہ خدشہ ظاہر کیا ہے کہ "دفتر ایک جگہ مستقل طور پر قائم کرنے سے لوگوں کے اندر احساس محرومی پیدا ہوگا۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی بنیادی وجہ یہی احساس محرومی ہے اور سندھ کی صورت حال بھی اسی نہج پر جارہی ہے"۔ انہوں نے مزید یہ فرمایا ہے کہ "اگر انجمن کو ختم (خدانخواستہ شیرازی) کرنا ہی ہے تو پھر جو مرضی آئے کیجئے بانیان کی منشا کے خلاف اقدام "اخلاقی جرم" ہے"۔

میرے فاضل دوست کی گرانقدر رائے تجاویز میں آپ کی نظر سے گذرے گی اور آپ اس پر بہتر فیصلہ دے سکیں گے۔ جہاں تک بانیان انجمن کی منشاء کے خلاف اقدام کا تعلق ہے تو اس "اخلاقی جرم" کا ارتکاب سب سے پہلے کل ہند انجمن وظیفہ سادات و مومنین اپنا مستقل دفتر "وظیفہ منزل" کے نام سے علیگڑھ میں قائم کرکے کرچکی ہے۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ آج بانیان انجمن زندہ ہوتے تو وہ بھی اسی نتیجہ پر پہنچتے کہ انجمن کی بقاء استحکام اور ترقی کے لئے پاکستان کے کسی شہر میں ایک شایان شان سکریٹریٹ کی اشد ضرورت ہے تاکہ انجمن کا ریکارڈ محفوظ رہ کر آئندہ نسلوں تک منتقل ہوتا رہے۔ انجمن کے مفاد کا تقاضا ہے کہ اس بارے میں بلا تاخیر کوئی فیصلہ کیا جائے۔

کمیشن محصلین

